آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز بدھ 24 جون 2020ء بمطابق 30 شوال 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ 174

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45

اہل تشیع	
فجر صبح	04:15
ظہر	01:00
مغرب	07:27

بی اے پی کے وفاقی حکومت سے علیحدگی کا اعلان نہیں کیا، جام کمال

وفاقی پی ایس ڈی پی کے حوالے سے ہم نے اپنے اعتراضات وفاقی حکومت کے سامنے رکھے ہیں، یہ نہیں کہ احتجاج کی آڑ میں وزارت یا کوئی اور فائدہ لے کر چپ ہو جائیں

ہم پی ایس ڈی پی کے معاملے پر بات بھی کریں گے اور احتجاج بھی کریں گے، ہمارا احتجاج صرف پی ایس ڈی پی کے لئے ہے تو بات بھی صرف پی ایس ڈی پی پر ہی کریں گے

بلوچستان کے منصوبوں کے اس سال ستمبر میں ٹینڈر کر دیے جائیں گے اور وفاقی اور صوبائی حکام منصوبوں کی پیشرفت کے حوالے سے ہر ماہ جائزہ اجلاس منعقد کریں گے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ بلوچستان عوامی پارٹی کی جانب سے وفاقی حکومت سے علیحدگی کا نہ تو کوئی اعلان کیا گیا ہے اور نہ ہی کوئی فیصلہ کیا گیا ہے، وفاقی پی ایس ڈی پی کے حوالے سے ہم نے اپنے اعتراضات وفاقی حکومت کے سامنے رکھے ہیں، وزیراعظم عمران خان کے علم میں بھی ہے کہ ہم پی ایس ڈی پی کے معاملے پر بات بھی کریں گے اور احتجاج بھی کریں گے، ہمارا احتجاج صرف پی ایس ڈی پی کے لئے ہے تو بات بھی صرف پی ایس ڈی پی پر ہی کریں گے، یہ نہیں کہ احتجاج کی آڑ میں وزارت یا کوئی اور فائدہ لے کر چپ ہو جائیں، وفاقی وزیر اسد عمر نے

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وزیراعظم عمران خان اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ترقیاتی منصوبوں میں زیادہ ترجیح بلوچستان کو دیں گے، وزیراعظم

ملک میں گندم کی وافر مقدار میں دستیابی اور گندم اور آٹے کی قیمتوں کو قابو میں رکھنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، موجودہ حکومت بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں کو ترجیح دیگی

گندم اور آٹے کی قیمتوں میں کمی لانے کے حوالے سے صوبائی حکومتوں کی مشاورت سے فیصلوں پر جلد از جلد عمل درآمد کو یقینی بنانے کے لئے فوری اقدامات اٹھائے جائیں

گندم کی سمگلنگ اور ذخیرہ اندوزی کے حوالے سے زیرو ٹالرینس پالیسی کو یقینی بنایا جائے، وزیراعظم کا زیر صدارت گندم اور آٹے کی قیمتوں میں کمی کے سلسلے میں اجلاس سے خطاب

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ ترقیاتی منصوبوں میں سب سے زیادہ ترجیح بلوچستان کو دیں گے، بلوچستان کیلئے پی ایس ڈی پی میں سب سے زیادہ منصوبے لیکن عمل عملدرآمد نہیں ہوا، وزراء کے پاس کارکردگی بہتر بنانے کیلئے 6 ماہ کا وقت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کابینہ اجلاس سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ گزشتہ روز وفاقی کابینہ کا اجلاس ہوا جس میں وزیراعظم عمران خان نے بلوچستان کے معاملے پر بات کی، وزیراعظم نے کہا کہ بلوچستان میں سب سے زیادہ پی ایس ڈی پی ہے جس پر مکمل عملدرآمد نہیں ہوا، موجودہ حکومت بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں کو ترجیح دیگی ذرائع کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ وزراء کے پاس کارکردگی بہتر بنانے کیلئے 6 ماہ کا وقت ہے، وزیراعظم نے مشیران، معاونین

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار صوبائی وزیر تعلیم سردار یار محمد رند کا سیکرٹریٹ آمد پر استقبال کر رہے ہیں

بچی اغوا میں معاونت کیس، سینیٹر سرفراز بگٹی کی عبوری ضمانت منسوخ

انکے خلاف ایک خاتون نے 10 سالہ نواسی کے اغواء میں معاونت کا الزام عائد کیا تھا، اپنی نواسی کے اغواء کے حوالے سے ایف آئی آر درج کرائی گئی تھی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ہائی کورٹ نے بچی کے اغواء میں معاونت کے کیس میں سینیٹر سرفراز بگٹی کی عبوری ضمانت منسوخ کر دی، مگنگل کو بلوچستان ہائی کورٹ کے جسٹس عبداللہ بلوچ نے سینیٹر میر سرفراز بگٹی کی ضمانت کی توثیق کے حوالے سے دائر درخواست پر محفوظ

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

سوراب پولیس کی کامیاب کارروائی، دوران تلاشی گاڑی سے اسلحہ برآمد، ملزم گرفتار

سوراب (این این آئی) سوراب پولیس کی کامیاب کارروائی، دوران تلاشی گاڑی سے اسلحہ برآمد،

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

سابق وزراء اعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ زہری اور میر عبدالقدوس بزنجو نیب آفس میں پیش نہیں ہوئے

کوئٹہ (این این آئی) سابق وزراء اعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ زہری اور میر عبدالقدوس بزنجو نیب آفس

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

کورونا وائرس کی وجہ سے بیرون ملک پھنسے بلوچستان کے 165 مسافر قرنطینہ ایئر لائن کی پرواز میں شارجہ سے کوئٹہ پہنچ گئے

کوئٹہ (این این آئی) کورونا وائرس کی وجہ سے بیرون ملک پھنسے بلوچستان کے 165 مسافر قرنطینہ ایئر لائن

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں سمارٹ لاک ڈاؤن 22 ویں روز میں داخل ہو گئی

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں سمارٹ لاک ڈاؤن 22 ویں روز میں

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

موجودہ حکومت سے حکومتی معاملات چلائے نہیں جا رہے، آصف کرمانی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر ڈاکٹر آصف کرمانی نے کہا ہے کہ موجودہ

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

جن ہسپتالوں کو پی ٹی آئی سندھ سے چھیننے کی کوشش کر رہی ہے، بلاول بھٹو زرداری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ جن ہسپتالوں کو

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

حج کا ارادہ کرنے والے شرعی طور پر معذور ہیں ان کا ثواب کم نہیں ہوگا، مولانا طاہر اشرفی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان علماء کونسل کے چیئرمین علامہ طاہر اشرفی نے کہا ہے کہ سعودی حکومت کی

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

کورونا وائرس میں مبتلا سندھ پولیس کے 258 پولیس ملازمان کو 25 لاکھ 80 ہزار روپے نقد رقم کی ادائیگی کر دی گئی

کراچی (این این آئی) کورونا وائرس میں مبتلا سندھ پولیس کے 258 پولیس ملازمان کو 25 لاکھ 80

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

وزیراعظم عمران خان نے 22 ماہ بعد بھی نئی تجارتی پالیسی میں تاخیر کا نوٹس لے لیا

عمران خان کی وزارت تجارت کو پالیسی جون کے آخر تک منظوری کے لیے پیش کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے 22 ماہ بعد بھی نئی تجارتی پالیسی میں تاخیر کا نوٹس لے لیا۔ فچ ٹی وی کے مطابق موجودہ حکومت کو 22 ماہ کا عرصہ گزر چکا ہے اور وہ اب تک نئی تجارتی پالیسی نہیں لا سکی۔ ذرائع وزارت تجارت کے مطابق وزیراعظم

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

سلوگن

جہاں جہاں موجودہ وباء کے حوالے سے احتیاطی تدابیر اختیار نہیں کیے جا رہے ہیں، وہاں ہلاکتیں اور تکالیف میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے، اور جہاں جہاں احتیاطی تدابیر پر لوگ سختی سے کاربند رہیں، وہ اس وباء سے پیدا ہونے والی صورتحال سے نکل آئے ہیں، اب انکی زندگی پھر سے رواں دواں ہے، ایسا کرنے کے لیے زندگی ہماری منتظر ہے۔

قومی اسمبلی کا اجلاس ہفتہ اور اتوار کو بھی جاری رہے گا، اسد قیصر کی زیر صدارت اجلاس میں فیصلہ

ایوان کی کارروائی قواعد وضوابط کے تحت چلائی جائے گی، ایوان کا ماحول خراب کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی، اسپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کا اجلاس ہفتہ اور اتوار کو بھی جاری رہے گا۔ منگل کو اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر کی زیر صدارت پارلیمانی قائدین کا اجلاس ہوا جس میں قومی اسمبلی کے رواں اجلاس کے دوران ایوان کی کارروائی پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ فیصلہ کیا گیا کہ قومی اسمبلی کا

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

وفاقی حکومت نے بلوچستان کے 2000 سے زائد محنت کشوں کو فوری وطن واپس لانے کا فیصلہ کر لیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے بلوچستان کے 2000 سے زائد محنت کشوں کو فوری وطن واپس لانے کا فیصلہ کر لیا۔ وزیراعظم کے معاون خصوصی زلفی بخاری نے خصوصی فلائٹ آپریشن کے انتظامات کر لئے، ائیر عربیہ کی خصوصی پرواز پاکستانی محنت کشوں کو لے کر آٹھ چوبیس گھنٹوں میں کوئٹہ ائیرپورٹ پہنچے

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو ایم پی اے اصغر خان اچکزئی صحافیوں سے مذاکرات کر رہے ہیں

ہمیں خطے میں ابھرتی ہوئی دفاعی صورت حال کو مدنظر رکھتے ہوئے ہر وقت تیار رہنا چاہیے، نیول چیف

کسی بھی محاذ میں کامیابی کے لیے عسکری طاقت کے ساتھ ساتھ ایمان کی مضبوطی اور کردار کی پختگی بھی انتہائی ضروری ہے

پاک بحریہ اپنی سمندری حدود کی حفاظت سے متعلق کسی بھی چیلنج سے نمٹنے کے لیے ہر وقت تیار ہے، ایڈمرل ظفر محمود کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل ظفر محمود نے کہا ہے کہ ہمیں خطے میں ابھرتی ہوئی دفاعی صورت حال کو مدنظر رکھتے ہوئے ہر وقت تیار رہنا چاہیے، کسی بھی محاذ میں کامیابی کے لیے عسکری طاقت کے ساتھ ساتھ ایمان کی مضبوطی اور کردار کی پختگی بھی انتہائی ضروری ہے، پاک بحریہ اپنی سمندری حدود کی حفاظت سے متعلق کسی بھی چیلنج سے نمٹنے کے لیے ہر وقت تیار ہے۔ ترجمان پاک فضائیہ کے مطابق چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل ظفر محمود

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

کنٹینر والی جیپ پلٹ پر ہمارے ملک پہنچ، نیب پیشی پر چوروں کی بارات کے ساتھ جاتے ہیں، شہباز گل کا شہباز شریف کو جواب

آپ کا اصل مقدمہ ڈاکٹر ذاکر ہے جس میں آپ کا جواب نہیں ہوگا، وزیراعظم کی کرپشن پالیسی پہلے دن سے واضح ہے جنکی وجہ معترف ہے، معاون خصوصی

اسلام آباد (این این آئی) معاون خصوصی برائے سیاسی روابط ڈاکٹر شہباز گل نے شہباز شریف کے بیان پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ موصوف فرماتے ہیں کہ میں غریب والدین کے گھر پیدا ہوا، میرے بھائی کے والد جدی پشتی امیر تھے، یہ اقوال ان موصوف کے

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی اجلاس: بجٹ عوام دوست نہیں، کسی صورت اس کا حصہ نہیں بنیں گے، ملک سکندر

70 سال گزر جانے باوجود ہماری اکثریتی آبادی خط غربت سے نیچے زندگی گزارنے پر مجبور ہیں انہوں نے کہا کہ حکومت مفلوج ہے پیٹرولیم مصنوعات اور اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں کمی مہنگائی برقرار ہے، اجلاس میں خطاب

ملک میں آئین پر عملدرآمد نہیں ہو رہا ہم نے آئین سے وفاداری کا حلف اٹھایا ہے مگر بدقسمتی سے ہمارے عہد و پیمان کے ثمرات عوام مستفید ہونے سے محروم ہیں جس سے ہمارے لوگوں کی پریشانیاں، بے چینی میں اضافہ ہوا ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ایک گھنٹے کی تاخیر سے ڈپٹی سپیکر سردار یار محمد رند کی زیر صدارت شروع ہوا۔ اجلاس میں گزشتہ روز چمن سے دو مقامی صحافیوں کی گرفتاری اور ان پر بدترین تشدد کے خلاف بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کی جانب سے ایوان سے واک آؤٹ کیا گیا اور اسمبلی کے باہر احتجاجی مظاہرہ کیا گیا اس موقع پر پی ایف یو جے کے صدر شہزادہ ذوالفقار، بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کے صدر ایوب ترین و دیگر مقررین نے صحافیوں پر تشدد کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بتایا جائے کہ کس جرم کے تحت صحافیوں کو تھری ایم پی او کے تحت گرفتار کیا گیا

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

ایسا ظلم کہیں نہیں دیکھا جو اس جمہوریت میں ہو رہا ہے، اپوزیشن ارکان

وزیراعلیٰ جام کمال خان نے بلوچستان کے حقوق کے لئے وفاق میں جس طرح آواز اٹھائی وہ قابل ستائش ہے، تاریخی اور عوام دوست بجٹ پیش کرنے پر وزیراعلیٰ اور انکی ٹیم داد کے مستحق ہیں، حکومتی ارکان

بارے ہوئے لوگوں کو فنڈز دینا باعث شرم اور جمہوریت کا قتل ہے ایسا ظلم کہیں نہیں دیکھا جو اس جمہوریت میں ہو رہا ہے، اپوزیشن ارکان بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی میں حکومتی ارکان نے بجٹ کو عوام دوست بجٹ قرار دیتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ جام کمال خان نے بلوچستان کے حقوق کے لئے وفاق میں جس طرح آواز اٹھائی وہ قابل ستائش ہے پوری دنیا میں کورونا وائرس کے باعث بحرانی حالات میں وبائی حالات نے ہر شعبے کو متاثر کیا ہے لیکن اس کے باوجود حکومت نے تاریخی اور عوام دوست بجٹ بنایا جس پر حکومت کو داد نہ دینا بدنیتی ہوگی جبکہ اپوزیشن ارکان اسمبلی نے بجٹ کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ بجٹ میں بلوچستان عوامی پارٹی کے ہارے ہوئے امیدواروں کو حزب اختلاف سے زیادہ مراعات دی گئی اپوزیشن کے حلقوں میں ہارے ہوئے لوگوں کو فنڈز دینا باعث شرم اور جمہوریت کا قتل ہے ایسا ظلم کہیں نہیں دیکھا جو اس جمہوریت میں ہو رہا ہے۔ کئی مہینے قبل ہم سے تجاویز مانگی گئیں جنکی ریسیونگ بھی لی گئی لیکن ایک بھی تجویز بجٹ کا حصہ نہیں بنی۔ بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ایک گھنٹے کی تاخیر سے ڈپٹی سپیکر سردار یار محمد رند کی زیر

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

آرمی چیف سے چینی فوجی ڈاکٹروں کے وفد کی ملاقات، کورونا وائرس کے خلاف پاکستان کے موثر اقدامات پر گفتگو

چین زندگی کے ہر شعبے میں پاکستان کی مدد جاری رکھے گا، چین کی پیپلز لبریشن آرمی کے ڈاکٹروں کی ٹیم کی تعیناتی دیگر

راولپنڈی (این این آئی) آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ سے چین کی پیپلز لبریشن آرمی کے ڈاکٹروں کی ٹیم نے ملاقات کی جس میں کورونا وائرس کے خلاف پاکستان کے موثر اقدامات سمیت دیگر اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ منگل کو پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق کورونا وائرس کے تناظر میں چین کی پیپلز لبریشن آرمی کے ڈاکٹروں کی ٹیم کی تعیناتی دیگر

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

راولپنڈی: آرمی چیف جنرل قمر جاوید سے میجر جنرل ڈاکٹر چاؤ ٹیمبو کی سربراہی میں دس رکنی پیپلز لبریشن آرمی (پی ایل اے) میڈیکل ٹیم کی ملاقات کے موقع کا گروپ

مغاد پرست حکمرانوں کے پاس عوامی مسائل کو حل کرنے کی صلاحیت اور نہ ہی ویژن ہے، لیاقت بلوچ

ملک میں غریب مزدور اور سفید پوش طبقے کا دشمن نظام مسلط ہے جس سے نجات ناگزیر ہے، جماعت اسلامی

کراچی (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان و سابق پارلیمانی لیڈر لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ مفاد پرست حکمرانوں کے پاس عوامی مسائل کو حل کرنے کی صلاحیت اور نہ ہی ویژن ہے، ملک میں غریب مزدور اور سفید پوش طبقے کا دشمن نظام مسلط ہے جس سے نجات ناگزیر ہے، پی ٹی آئی قیادت کے روزگار و گھر کی فراہمی اور مہنگائی و بیروزگاری بجلی کی لوڈشیڈنگ کے خاتمے سمیت تمام دعوے کھوکھلے ثابت ہوئے، یہی حال پیپلز پارٹی کی سندھ حکومت کا

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

وزیراعظم کا کورونا کے حوالے سے کنٹینرز پر مبنی بیان ان کے مسلسل حالت انکار میں ہونے کا ثبوت ہے، شہباز شریف

کورونا سے اموات اور مریضوں کی تعداد میں بھرپور اضافہ جاری ہے جبکہ وزیراعظم ہر روز ایک نیا غذر تراش رہے ہیں، مسلم (ن) لیگ

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف نے وزیراعظم عمران خان کے کورونا کے بارے میں کنٹینرز پر اظہار تشویش کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم کا کنٹینرز پر مبنی بیان ان کے مسلسل حالت انکار میں ہونے کا ثبوت ہے۔ وزراء ملک میں کورونا سے اموات اور مریضوں کی بڑھتی تعداد کے اعلان کر رہے ہیں، وزیراعظم کا بیان برعکس ہے، وفاقی سطح پر یہی وہ کنٹینرز ہے جس کی قیمت عوام اپنی جان سے ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے اس

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے مسائل کے حل کیلئے کردار ادا کرنے کو تیار ہوں، زرداری

مقدمات کا کوئی خوف نہیں، پہلے بھی عدالتوں میں مقابلہ کیا اب بھی کریں گے، موجودہ حالات میں حکومت نے لوگوں کے لئے کچھ نہیں کیا تو خوفناک صورتحال جنم لے سکتی ہے

کارکن متحد رہیں، اچھا وقت آنے والا ہے، پیپلز پارٹی سنٹرل پنجاب کے صدر قمر الزمان کائرہ اور سیکرٹری جنرل چوہدری منظور احمد سے ٹیلی فون پر گفتگو

لاہور (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے سابق چیئرمین آصف علی زرداری نے پارٹی پنجاب کے کارکنوں کو متحد رہنے کی اپیل کرتے ہوئے امید دلائی ہے کہ کارکن متحد رہیں، پنجاب میں اچھا وقت آنے والا ہے۔ مقدمات کا کوئی خوف نہیں، پہلے بھی عدالتوں میں مقابلہ کیا اب بھی کریں گے، موجودہ حالات میں حکومت نے لوگوں کے لئے کچھ نہیں کیا تو خوفناک صورتحال جنم لے سکتی ہے۔ گزشتہ روز پیپلز پارٹی سنٹرل پنجاب کے صدر قمر الزمان کائرہ اور سیکرٹری جنرل چوہدری منظور احمد سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے سابق صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ پنجاب میں جیالے متحد رہیں جلد اچھا وقت آنے والا ہے، مقدمات کا کوئی خوف نہیں، پہلے بھی عدالتوں میں مقابلہ کیا اب بھی کریں گے، موجودہ حالات میں حکومت نے لوگوں کے لئے کچھ نہیں کیا تو خوفناک صورتحال جنم لے سکتی ہے۔ گزشتہ روز پیپلز پارٹی سنٹرل پنجاب کے صدر قمر الزمان کائرہ اور سیکرٹری جنرل چوہدری منظور احمد سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے سابق صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ پنجاب میں جیالے متحد رہیں جلد اچھا وقت آنے والا ہے، مقدمات کا کوئی خوف

پی ٹی آئی حکومت کے پاس چھ ماہ ہیں، فواد چوہدری

وزیراعظم عمران خان نے کابینہ سے کہہ دیا ہے چھ ماہ میں کارکردگی نہ دکھائی تو معاملات دوسری طرف چلے جائیں گے

مجھے نہیں معلوم کہ انہیں کس نے مشورہ دیا کہ کمزور لوگوں کو لائیں جو ہر بات کی ڈکٹیشن لیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی حکومت کے پاس چھ ماہ ہیں اور وزیراعظم عمران خان نے کابینہ سے کہہ دیا چھ ماہ میں کارکردگی نہ دکھائی تو معاملات دوسری طرف چلے جائیں گے۔ امریکی نشریاتی ادارے وائس آف امریکا کو دیے گئے انٹرویو میں فواد چوہدری نے کہا کہ پی ٹی آئی کی حکومت اور وزیراعظم عمران خان سے بہت زیادہ توقعات وابستہ کی گئیں، یہ توقعات نہ پوری ٹھیک کرنے کیلئے نہیں بلکہ پورے نظام کی اصلاح

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

چند سازشی عناصر کی جانب سے ان پر بے جا الزامات لگائے جا رہے ہیں جو کہ بالکل بے بنیاد ہیں، ڈاکٹر اکبر بزدار

بولان (این این آئی) ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈھاڈر ڈاکٹر محمد اکبر بزدار نے اپنے ایک وضاحتی بیان میں اپنے اوپر لگائے من گھڑت الزامات کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ چند سازشی عناصر کی جانب سے ان پر بے جا الزامات لگائے جا رہے ہیں جو کہ بالکل بے بنیاد ہیں انہوں نے کہا ہے کہ گزشتہ دنوں سوشل میڈیا پر ہسپتال

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے عوام کیساتھ وفاقی صوبائی حکومتوں نے ہمیشہ سوتیلی ماں کا سلوک کیا، مولانا عبدالحق ہاشمی

بلوچستان کے وسائل کو صوبے کے عوام کی حالت بدلنے اور بدعنوانی ختم کرنے کی ضرورت ہے، امیر جماعت اسلامی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ کورونا ریلیف منڈی دل کے خاتمہ کے حوالے سے اقدامات، عوام کو سہولیات کی فراہمی، صوبے کے وسائل صوبے پر خرچ کرنے اور بدعنوانی، اقربا پروری کے خاتمے کے حوالے سے عوام کو اندھیروں میں رکھ کر سب ٹھیک ہے کی پالیسی نقصان دہ ہیں۔ بلوچستان کے عوام کیساتھ وفاقی صوبائی حکومتوں نے ہمیشہ سوتیلی ماں کا سلوک کیا، بلوچستان کے وسائل کو صوبے کے عوام کی حالت بدلنے

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: چیئرمین نیب جسٹس (ر) جاوید اقبال ایگزیکٹو بورڈ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان کی ترقی کیلئے بھرپور کردار ادا کریں گے، عثمان بزدار

بلوچستان کی ترقی پاکستان کی ترقی ہے۔ بلوچستان کے لوگ محب وطن اور محنتی ہیں

پنجاب حکومت بلوچستان کی ترقی کیلئے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (خ ن) وزیراعلیٰ جناب سردار عثمان بزدار سے وزیراعظم کے معاون خصوصی اور بلوچستان کے وزیر تعلیم سردار یار محمد رند کی ملاقات کی۔ ملاقات میں بین الصوبائی ہم آہنگی اور صوبوں کے درمیان تعلقات میں فروغ کیلئے باہمی رابطے بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ جناب سردار عثمان بزدار نے کہا کہ ترقی اور خوشحالی کے سفر میں دونوں صوبے قدم سے قدم ملا کر آگے بڑھیں گے۔ بلوچستان کی ترقی پاکستان کی ترقی ہے۔ بلوچستان کے لوگ محب وطن اور محنتی ہیں۔ جناب حکومت بلوچستان کی ترقی کیلئے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی۔ بلوچستان میرے دل کے بہت قریب ہے اور پاکستان کی تعمیر و ترقی کے لئے ملکر کام کرنے کی ضرورت پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ گئی ہے۔ بلوچ بھائیوں کی جو بھی خدمت ہوگی جناب پیچھے نہیں رہے گا۔

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

نوکنڈی کے راستے افغانستان آٹا اسمگلنگ کرنے کا کاروبار عروج پر پہنچ چکا ہے

نوکنڈی (آن لائن) نوکنڈی کے راستے افغانستان آٹا اسمگلنگ کرنے کا کاروبار عروج پر پہنچ چکا ہے یہ آٹا کوئٹہ، راولپنڈی سے ٹرکوں و دیگر گاڑیوں کے ذریعے نوکنڈی لایا جاتا ہے اور یہاں سے افغانستان اسمگلنگ کی جاری ہیں باوثوق ذرائع کے مطابق اس

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

وزیراعظم عمران خان کے خلاف الزام پر مبنی گفتگو پر ڈپٹی سپیکر نے مسلم لیگ ن کے میاں وحید عالم کا مائیک بند کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان کے خلاف الزام پر مبنی گفتگو پر ڈپٹی سپیکر نے مسلم لیگ ن کے میاں وحید عالم کا مائیک بند کر دیا۔ منگل کو اجلاس کے دوران وزیراعظم عمران خان کے خلاف الزام پر مبنی گفتگو پر ڈپٹی سپیکر نے مسلم لیگ ن کے میاں وحید عالم کا مائیک بند کر دیا۔ ڈپٹی اسپیکر نے کہا کہ کتب میں بہت سی

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

حکومت کو چیلنج دیئے ہوئے 72 گھنٹے گزر چکے، انتظار کر رہا ہوں، بلاول

لداخ تنازع پر وزیراعظم خاموش کیوں؟ جن ہسپتالوں کو پی ٹی آئی سندھ سے چھیننے کی کوشش کر رہی ہے، ان کی طرز کا کوئی ایک اسپتال ملک میں دکھا دے

خطے کی صورت حال سنگین، لداخ معاملے پر آئی ایس آئی ہیڈ کوارٹر میں غیر معمولی اجلاس ہوا، وزیراعظم سندھ میں نئی اے ٹی ایم مشینوں کی تلاش میں مصروف رہے، ٹویٹر پیغام

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کو چیلنج دیئے ہوئے 72 گھنٹے گزر چکے ہیں، جن ہسپتالوں کو پی ٹی آئی سندھ سے چھیننے کی کوشش کر رہی ہے، ان کی طرز کا کوئی ایک اسپتال ملک میں دکھا دے۔ اپنے ٹوئٹ میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پی ٹی آئی این آئی سی وی ڈی جیسے کسی ایک اسپتال کا نام بتا دے جو نو برسوں میں بنایا ہو۔ 72 گھنٹے گزر جانے کے باوجود میرا چیلنج پی ٹی آئی سے پورا نہ ہو سکا، میں انتظار کر رہا ہوں۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ وزیراعظم ابھی تک کیوں چین اور بھارت کے تنازع پر خاموش ہیں؟ خطے کی صورت حال انتہائی گھمبیر ہے اور ملک کا وزیراعظم نئی اے ٹی ایم مشینوں کی تلاش میں مصروف ہے۔ منگل کے روز اپنے ٹوئٹر پیغام میں بلاول

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

عالمی برادری بھارت کو مقبوضہ کشمیر میں انسانیت سوز مظالم سے باز رکھنے کے لیے عملی اقدامات اٹھائے، علی امین خان گنڈاپور

5 اگست کے بھارتی یکطرفہ، غیر قانونی اقدامات کے بعد خطرات حد تک اضافہ ہو چکا ہے، وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان علی امین خان گنڈاپور نے عالمی برادری سے اپیل کی ہے کہ وہ بھارت کو مقبوضہ کشمیر میں انسانیت سوز مظالم سے باز رکھنے کے لیے عملی اقدامات اٹھائے اور بھارت کے خلاف عالمی پابندیوں کا اطلاق کیا جائے، انہوں نے کہا کہ بھارت گزشتہ ستر سالوں سے نہتے کشمیریوں کو سفاکانہ مظالم کا نشانہ بنا رہا ہے جس میں گزشتہ سال 5 اگست کے بھارتی یکطرفہ اور قابل مذمت اقدامات کے بعد خطرات حد تک اضافہ ہو چکا ہے،

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

حیدرآباد: ڈاکٹرز ایک مشتبہ مریض کا کورونا ٹیسٹ کیلئے نمونے لے رہے ہیں

صوبائی حکومت صوبے کی معیشت کی ترقی کیلئے کام کر رہی ہے، خان

پروگرام مستحق افراد کیلئے ایک اہم منصوبہ ہے جو وزیراعظم پاکستان نے شروع کیا جس کے تحت آئندہ چار سالوں میں صوبے میں 4 لاکھ مرغیاں تقسیم کی جائیں گی

گھریلو مرغبانی کے تحت منصوبے میں دلچسپی لینے والے مستحق افراد میں 4 لاکھ مرغیاں فارم یونٹس کی شکل میں رعایتی نرخوں پر تقسیم کی جائیں گی، صوبائی وزیر لائیو اسٹاک

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ و ما

ONLINE

روزنامہ شال کوئٹہ Daily SHAL

www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

24 جون 2020ء

نظام چلے گا تو سب کو فائدہ پہنچے گا

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ وفاقی پی ایس ڈی پی کے حوالے سے ہم نے اپنے اعتراضات وفاقی حکومت کے سامنے رکھے ہیں، وزیراعظم عمران خان کے علم میں بھی ہے کہ ہم پی ایس ڈی پی کے معاملے پر بات بھی کریں گے اور احتجاج بھی کریں گے، ہمارا احتجاج صرف پی ایس ڈی پی کے لئے ہے تو بات بھی صرف پی ایس ڈی پی پر ہی کریں گے، یہ نہیں کہ احتجاج کی آڑ میں وزارت یا کوئی اور فائدہ لے کر چپ ہو جائیں این ایف سی میں بلوچستان کے حصے کو آئینی تحفظ حاصل ہے یہی وجہ ہے کہ ہمیں اوور ڈرافٹ کی طرف جانے کی ضرورت نہیں، بجٹ کے خسارے کو پورا کرنے کے لئے منصوبہ بندی تیار کی ہوئی ہے صوبہ ہمیشہ سے روایتی سیاست میں پھنسا رہا ہے اور اصلاحات یا بنیادی ڈھانچہ کی طرف کبھی توجہ نہیں دی گئی ہے، گورننس میں اصلاحات لائے بغیر آگے بڑھنا اور وفاق کی دلچسپی حاصل کرنا ممکن نہیں، ماضی میں فنڈز کا ضیاع ہوا، غلط منصوبہ بندی کے باعث ترقیاتی عمل میں کوتاہیاں ہوئیں، 1997ء کے منصوبے بھی آج تک نامکمل ہیں، موجودہ صوبائی حکومت نے 1997 سے 2017 تک کی نامکمل اسکیموں کی تکمیل کے لئے 18 ارب روپے مختص کئے ہیں۔ ماضی میں پہلے ان اسکیموں کو مکمل کیا جاتا تھا جن میں وزیراعلیٰ اور وزراء کی دلچسپی ہوتی تھی، اگر وزیراعلیٰ اپنے حلقے سے باہر نہ نکلے تو باقی صوبہ کبھی ترقی نہیں کرے گا کیونکہ وزیراعلیٰ پورے صوبے کا ہوتا ہے اور اس نے پورا صوبہ دیکھنا ہوتا ہے، آئندہ مالی سال کے بجٹ میں تمام سیکٹرز اور تمام پہلوؤں کو مدنظر رکھا گیا ہے، ایسے منصوبے شامل کئے گئے ہیں جنہیں زیادہ سے زیادہ دو سال میں مکمل کیا جا سکے، نظام چلے گا تو سب کو فائدہ پہنچے گا۔

بائیوکمسٹری/کاربوہائیڈریٹس (آخری قسط)

ڈاکٹر تصور حسین مرزا

کی ایک قسم ہے جو کھاتے ہیں یا ہم اپنی خوراک کھانوں سے حاصل کرتے ہے، جسم اسے توانائی کے لئے استعمال کرتا ہے۔ جب یہ خلیوں سے خلیوں میں سفر کرتا ہے، تو اسے بلڈ گلوکوز یا بلڈ شوگر کہتے ہیں۔ انسولین ایک ہارمون ہے جو آپ کے خون سے گلوکوز کو توانائی اور اسٹوریج کیلئے cells خلیوں میں منتقل کرتا ہے

فرکٹوز Fructose فریکٹوز، یا فروٹ شوگر، بہت سے پودوں میں پایا جانے والا ایک (کی ٹوٹک مونوسیکرائڈ) ہے، جہاں اکثر ڈائی سیکرائیڈ سوکروز کی تشکیل کے لئے گلوکوز کا پابند ہوتا ہے۔ یہ تینوں غذائی مونوسیکرائڈس میں سے ایک ہے، گلوکوز اور گلیکوز، جو عمل انہضام کے دوران براہ راست خون میں جذب ہو جاتے ہیں۔

گالیکٹوز Galactose۔ گلیکوز کبھی کبھی گل Gal کا مختصر ہوتا ہے، وہ ایک مونوساکرائڈ چینی ہے جو گلوکوز کی طرح میٹھی ہے، اور تقریباً 65 فیصد سوکروز کی طرح میٹھی ہے۔ یہ گلوکوز کا ایک سی 4 ایپیمر epimer ہے۔ گلوکوز مالیکول کے ساتھ جڑا ہوا ایک گلیکوز ایک مالیکول تشکیل دیتا ہے۔

دوئم :۔ ڈائی سیکرائیڈز Disaccharides ۔ دو شوگر مالیکولز ہیں ۔ یعنی دو ہائیڈولیسس مونوسیکرائیڈز ہیں ان کی مثالیں ☆ سوکروز Sucrose ۔ عام چینی ہے یہ ایک ڈائی سیکرائیڈ ہے۔ ایک مالیکول دو مونوسکرائیڈز گلوکوز اور فروٹ کوز پر مشتمل ہوتا ہے۔ سوکروز قدرتی طور پر پودوں میں ہوتا ہے لیکٹوز Lactose اس میں بھی دو شوگر گلوکوز اور گالیکٹوز مالیکولز ہوتے ہیں۔ ایک ٹوز کو گلوکوز اور گالیکٹوز ٹوز میں توڑنے کے لئے Lactase enzyme کی ضرورت ہوتی ہے جس کے بعد توانائی میں تبدیل ہو کر خون میں شامل ہو جاتی ہے۔

مالٹوز Maltose مالٹوز ایک ایسی چینی ہے جو دو گلوکوز مالیکیولوں کے ساتھ ہے۔ یہ بیجوں اور پودوں کے دوسرے حصوں میں پیدا ہوا ہے جب وہ اپنی ذخیرہ شدہ توانائی کو توڑ دیتے ہیں۔ لہٰذا، اناج، کچھ پھل اور میٹھے آلو جیسے کھانے میں قدرتی طور پر اس چینی کی زیادہ مقدار ہوتی ہے۔

سوئم :۔ اولی گو سیکرائیڈز Oligo saccharides۔ تین سے دس تک شوگر مالیکولز۔ یعنی تین سے دس تک ہائیڈولیسس مونوسیکرائیڈز ہیں۔ اولی گوسیکرائیڈز کی مثالیں

رافائی نوز Raffinose : رافینوز ایک trisaccharide ہے یعنی تین مونوسکرائیڈز پر مشتمل ہے جو گالیک ٹوز، گلوکوز اور فروٹ کوز پر مشتمل ہے۔ یہ پھلیاں، گوبھی، برسلز انکرت، بروکولی، asparagus، دیگر سبزیاں، اور سارا اناج میں پایا جا سکتا ہے۔

سٹاچی اوز Stachyose ہیں۔ ایک trisaccharide ہے یعنی تین مونوسکرائیڈز پر مشتمل ہے جو گالیک ٹوز، گلوکوز اور فروٹ کوز پر مشتمل ہے۔ اس کو ترتیب سے گالیکٹوز، گلوکوز، فروٹ کوز galgalglcfru کہا جاتا ہے۔ سٹاچی اوز قدرتی طور پر بے شمار سبزیوں اور دوسرے پودوں میں پایا جاتا ہے۔

چہارم :۔ پولی سیکرائیڈز Poly saccharide اس گروپ میں دس سے لیکر کثیر تعداد میں شوگر مالیکولز ہوتے ہیں ۔ ہائیڈولیسس ڈائے سیکرائیڈ اور پھر مونوسکرائیڈز یونٹ ہے۔ پولی سیکرائیڈز گروپس میں ہم مثالیں پیش کرتے ہیں ☆ اسٹارچ Starch۔ نشاستہ یا امیلم amylum ایک پولیمرک کاربوہائیڈریٹ ہے جس میں متعدد گلوکوز یونٹ ہوتے ہیں جن میں گلیکوسیڈک glycosidic بانڈز شامل ہوتے ہیں۔ یہ پولی سیکرائیڈز زیادہ تر سبز پودے توانائی کو ذخیرہ کرنیکے طور پر تیار کرتے ہیں۔

گلائی کوجن Glycogen : گلائکوجین glycogen ایک بہت بڑا، پولیمرک کاربوہائیڈریٹ ہے جو جانوروں اور انسانوں میں گلوکوز کی اصل ذخیرہ شکل ہے۔ گلیکوجن توانائی کے ایک اہم ذخائر کے طور پر ہے اس میں سے زیادہ تر پٹھوں (80) اور جگر (14) میں گلیکوجن کے طور پر ذخیرہ ہوتا ہے اور تقریباً 6 خون میں گلوکوز کی حیثیت سے محفوظ ہوتا ہے۔

سیلولوز Cellulose۔ ایک مالیکول ہے جو سیکڑوں بلکہ ہزاروں کاربن ہائیڈروجن اور آکسیجن ایٹموں پر مشتمل ہے سیلولوز پودوں کے خلیوں کی دیواروں کا بنیادی مادہ ہے۔ جو پودوں کو سیدھا اور سخت رہنے میں مدد کرتا ہے۔ انسان سیلولوز کو ہضم نہیں کر سکتا لیکن غذا میں یہ فائبر کی حیثیت سے اہم ہے

کاربوہائیڈریٹس Carbohydrates کے اہم کام:۔

کاربوہائیڈریٹس پانچ اہم کام سرانجام دیتے ہیں

اول :۔ جسمانی ساخت (اعضائی) کی تعمیر

دوئم :۔ جسم میں کیلشیم کو جزب کرنے میں مدد کرنا

سوئم :۔ کولسٹیرول Cholesterol کا برقرار رکھنے میں مدد کرنا

چہارم :۔ باضم ٹریک میں دوستانہ بیکٹیریا کو غذائی اجزا فراہم کرتا ہے جو عمل انہضام میں مدد کرتا ہے

پنجم :۔ پانی کا توازن (معدنیات) قائم رکھنے میں مدد کرنا۔

کاربوہائیڈریٹ کے ذرائع Source :۔

کاربوہائیڈریٹ صحت مند اور غیر صحت بخش کھانے کی دونوں قسم کی روٹی، پھلیاں، دودھ، پاپکارن popcorn، آلو، کوکیز cookies، اسپیگیٹی spaghetti، سافٹ ڈرنک، مکئی، اور چیری پائی cherry pie کی ایک وسیع صف میں پائے جاتے ہیں۔ مختلف اقسام میں بھی آتے ہیں۔ سب سے عام شکلیں شکر، ریشے اور نشاستہ ہیں۔

کاربوہائیڈریٹس جسم کو توانائی کیسے فراہم کرتے ہیں :۔ میئر ووٹز Meyerowitz نے وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ کاربوہائیڈریٹس سے گلوکوز اس توانائی میں تبدیل ہو جاتا ہے جس سے دماغ اور عضلات کو کام کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ چربی lipds اور پروٹین protein توانائی کے لئے بھی ضروری ہیں، لیکن یہ ایک طویل مدتی ایندھن کا ذریعہ ہیں، جبکہ کاربوہائیڈریٹ جسم کی توانائی کی فوری ضرورت کو پورا کرتے ہیں۔

انسان پر الفاظ کا اثر

منیر احمد رڈ

آپ سب کے سب انتہائی ذہین اور باکمال انسان ہیں اللہ تعالیٰ نے سب کو انتہائی شاندار شخصیت کے ساتھ پیدا کیا ہے ہماری کیا اوقات ہو سکتی ہیں کہ کسی انسان کو برا کر دے میں تو سب کو بہت بڑا قابل سمجھتا ہوں اللہ تعالیٰ نے ہمیں سب کچھ دیا ہوا ہے دنیا کا ایک اصول ہے اگر آپ کسی کی معمولی سی تعریف کریں گے تو وہ آپ کی بات سے بہت خوش ہو جائے گا اور آپ کو بہت عزت دے گا لیکن ہم سب کی یہ ہی کوشش ہوتی ہے ہم کسی دوسرے کو اچھا کیوں کہیں باقی یہ دل میں آرزو سب کی ہمیشہ ہوتی ہے کہ لوگ ہمیں اچھا کہیں تاکہ ہماری عزت ہو جائے اور ہمارا تو یہ ہمیشہ کردار رہتا ہے اگر کوئی اچھا کام کریں بھی نا اس کی کبھی بھی حمایت نہیں کرتا ہے اور نا ہی دوسرے کے اچھے کاموں میں حصہ لینا اور سوچتے ہیں اس میں میرا کیا فائدہ ہوگا میں کیوں اس کا ساتھ دوں ہمارے ہاں یہی کوشش ہوتی ہے کہ دوسرے ترقی نہیں کریں صرف میں یا میرا خاندان کریں اس لئے ہم کسی کی حوصلہ افزائی بڑھانے کے بجائے اس کو مشکلات اور مسائل سے ڈرانے کی بھرپور کوشش کرتے رہے ہیں ہمارے معاشرے میں یہ تاثر عام پایا جاتا ہے کہ ہم ہر پہلو کو تنقید کی نظر سے دیکھتے ہیں اور اس کے بارے میں سوچ سمجھے بغیر کہ ان کے الفاظ کا اس پر کیا اثر ہوگا ہم فوراً سے کسی دوسرے کی بات پر اس کو بے وقوف اور کم ظرف کہہ دیتے ہیں اس کے علاوہ ہمارے نصیحت بھی ہماری منافقت کے طریقہ سے ہوتی ہے ہمارا دوست یا قریبی عزیز اگر کسی بری سوسائٹی کا شکار ہو چکا ہے تو اس کی اصلاح کے بجائے سب کے سامنے اس کو لیکچر دینا شروع کر دیتے ہیں اور بڑے فخر سے سب کو بتا رہے ہوتے ہیں کہ میں نے سب کے سامنے اس کی ایسی عزت افزائی کی کہ یاد رکھے گا یا تو سیدھا ہو جائے گا یا پھر وہ ہمارا دوست نہیں رہے گا اور پھر وہ واقعی ہی آپ کا دوست نہیں رہتا کیونکہ آپ نے اسے سمجھانے کے لئے غلط طریقہ استعمال کیا یہ بات یہی ختم نہیں ہو جاتی ہے۔ بلکہ آپ اس کے بعد بھی سب کے سامنے زور زور سے اس کی شکایتیں کر رہے ہوتے ہیں اور جس کی کبھی آپ تعریفیں کرتے نہیں تھکتے تھے اور آپ کو بھی احساس ہی نہیں ہوتا کہ آپ کے الفاظ آپ کی دوستی کو مکمل طور پر ختم کر دیتے ہیں پھر آپ یہ بھی ضرور کہتے ہیں کہ میں نے اس کے فائدے کے لئے ہی اسے کہا تھا۔ مولانا علی ع کا فرمان ہے جس نے کسی کو اکیلے میں نصیحت کی اس نے اسے سنوار دیا اور جس نے کسی کو سب کے سامنے نصیحت کی اس نے اسے مزید بگاڑ دیا۔

☆☆☆☆☆

بائیوکمسٹری/کاربوہائیڈریٹس

ڈاکٹر تصور حسین مرزا

کاربوہائیڈریٹس Carbohydrates : بنیادی طور پر شکر Sugar اور نشاستہ دار Starch جسم کے ذریعہ توانائی کے ذرائع (کیلوری Calories) کے طور پر استعمال ہونے والے غذائی اجزاء کی ایک بہت اہم قسم ہے)۔ کاربوہائیڈریٹ کو کیمیائی طور پر کاربن، ہائیڈروجن اور آکسیجن کے غیر جانبدار مرکبات بھی کہتے ہیں۔ جبکہ فنکشنل گروپس آف کاربوہائیڈریٹس :۔ فنکشن کے حساب سے کاربوہائیڈریٹس کو دو بڑے گروپس میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

کاربوہائیڈریٹس کے دو بڑے گروپس ہیں۔

اول :۔ ایل ڈی ہائیڈ گروپ Aldehyde Group ۔ یہ فرسٹ کاربن ہے اس کو ایل ڈوز شوگر Aldoses (Aldose sugar) بھی کہتے ہے۔ دوئم کیٹو گروپ Keto group ۔ یہ سیکنڈ کاربن ہے۔ کی ٹونک گروپ اس کو" کی ٹوسس گروپ یا کیٹو شوگر کہتے ہے۔

کلاسی فکیشن Classification :۔

کاربوہائیڈریٹس کو سمجھنے کے لئے اور امتحان میں کامیابی کے لئے ہم چار گروپس میں تقسیم کرتے ہیں۔

اول :۔ مونوسیکرائیڈز Monosaccharides ۔ ایک شوگر مالیکول ہے جو مزید چھوٹے ہائیڈرولائیز میں تبدیل نہیں ہو سکتا۔ اس کو عام سادہ چینی بھی کہا جاتا ہے، چینی کی آسان ترین شکل اور کاربوہائیڈریٹ کی سب سے بنیادی اکائیاں ہیں۔ انہیں مزید آسان کیمیکل مرکبات میں ہائیڈرولائز hydrolyze نہیں کیا جا سکتا۔ عام فارمولا $C_nH_{2n}O_n$ ہے۔ وہ عام طور پر بے رنگ، پانی سے گھلنشیل اور کرسٹل ٹھوس ہوتے ہیں اور انکی مثالیں ہیں ☆ گلوکوز Glucose گلوکوز یونانی زبان کا لفظ ہے جس کا مطلب "میٹھا" ہے۔ یہ چینی کی ایک قسم ہے جو کھاتے ہیں یا ہم اپنی خوراک کھانوں سے حاصل کرتے ہے، جسم اسے توانائی کے لئے استعمال کرتا ہے۔ جب یہ خلیوں سے خلیوں میں سفر کرتا ہے، تو اسے بلڈ گلوکوز یا بلڈ شوگر کہتے ہیں۔ انسولین ایک ہارمون ہے جو آپ کے خون سے گلوکوز کو توانائی اور اسٹوریج کیلئے cells خلیوں میں منتقل کرتا ہے

فرکٹوز Fructose فریکٹوز، یا فروٹ شوگر، بہت سے پودوں میں پایا جانے والا ایک (کی ٹونک مونوسیکرائڈ) ہے، جہاں اکثر ڈائی سیکرائیڈ سوکروز کی تشکیل کے لئے گلوکوز کا پابند ہوتا ہے۔ یہ تینوں غذائی مونوسیکرائڈس میں سے ایک ہے، گلوکوز اور گلیکوز، جو عمل انہضام کے دوران براہ راست خون میں جذب ہو جاتے ہیں۔

گالیکٹوز Galactose ۔ گلیکوز کبھی کبھی گل Gal کا مختصر ہوتا ہے، وہ ایک مونوساکرائڈ چینی ہے جو گلوکوز کی طرح میٹھی ہے، اور تقریباً 65 فیصد سوکروز کی طرح میٹھی ہے۔ یہ گلوکوز کا ایک سی 4 ایپیمر epimer ہے۔ گلوکوز مالیکول کے ساتھ جڑا ہوا ایک گلیکوز ایک مالیکول تشکیل دیتا ہے۔

دوئم :۔ ڈائی سیکرائیڈز Disaccharides ۔ دو شوگر مالیکولز ہیں ۔ یعنی دو ہائیڈولیسس مونوسیکرائیڈز ہیں ان کی مثالیں ☆ سوکروز Sucrose ۔ عام چینی ہے یہ ایک ڈائی سیکرائیڈ ہے۔ ایک مالیکول دو مونوسکرائیڈز گلوکوز اور فروٹ کوز پر مشتمل ہوتا ہے۔ سوکروز قدرتی طور پر پودوں میں ہوتا ہے (جاری ہے)

قوم کا شیرازہ

طارق حسین بٹ شان

یہ کرہ ارض اس وقت عجیب وغریب کشمکش کا شکار بنا ہوا ہے۔ کورونا کی تباہ کاریوں نے انسانی بے بسی کا جس طرح مذاق اڑایا ہے وہ بیان سے باہر ہے۔ کوئی ایسا دن نہیں گزرتا جب انسان کے خوف میں اضافہ نہیں ہوتا۔ انسان کا سکون بری طرح تباہ و برباد ہو چکا ہے اور اس کی زندگی ایک ایسی غیر یقینی کیفیت کی شکار ہو چکی ہے جو اس کے اضطراب میں اضافہ کا موجب بن رہی ہے۔ قرن ہا قرن کی انسانی ترقی چشم زدن میں ایک وائرس کے ہاتھوں بے بسی کی تصویر بن گئی ہے۔ انسان اپنی سائنسی کامیابیوں پر جس طرح سے اترا رہا تھا اور اس کرہ ارض پر خدائی دعووں کا نقیب بن رہا تھا وہ دیکھتے ہی دیکھتے زمین بوس ہو گیا ہے۔ انتہی توانائی سے لیس ریاستیں انسانی جانیں بچانے میں جس بری طرح سے ناکام ہوئی ہیں وہ کسی بیان کی محتاج نہیں۔ انسان چاند پر کمندیں ڈال رہا تھا سیارگان کی رواگی اور فضائی کروں پر حاکیت کے سنہرے خواب سجا رہا تھا لیکن ایک مہلک وائرس نے اس کے سارے خواب چکنا چور کر دئے ہیں۔ سائنس کی اہمیت تو اپنی جگہ مسلمہ رہے گی لیکن لعل وزر و جواہر کے جلال سے لیس انسانی رویوں نے جو منہ زور رخ اختیار کر لیا تھا اس پر نظر ثانی کی ضرورت تھی۔ انسان کے ہاتھوں اپنے ہم جنس دوسرے انسانوں کو جو ان دیکھی زنجیریں پہنا دی گئی تھیں انھیں کھول دینے کی ضرورت تھی۔ ارتکاز دولت کی ہوس نے انسانوں کے استحصال کو جس طرح سے فروغ دیا تھا اس کے خاتمہ کا شاید وقت آ گیا ہے۔ سرمایہ داری کا دو مکروہ نظام جس سے امیر امیر تر اور غریب غریب تر ہو رہا تھا اس پر روک لگانی ضروری ہو گئی تھی۔ کورونا وائرس نے انسان کو بتا دیا ہے کہ انسان کے استحصال کا نظام زیادہ دیر نہیں چل سکتا۔ اسے دیر یا بدیر کسی ایسے نظام کی جانب رجوع کرنا ہوگا جس میں انسانی جان کی حرمت ہو اور عدل و انصاف جس کی بنیاد ہو۔

حیران کن بات یہ ہے کہ کورونا وائرس کا شکار وہ قومیں بنی ہوئی ہیں جو دنیاوی ترقی کے عروج پر ہیں۔ جن کی سائنسی ترقی اوج ثریا کو چھو رہی ہے اور جنھیں اپنی ترقی پر بڑا گھمنڈ تھا۔ امریکہ، برطانیہ، اٹلی، سپین، فرانس اور جرمنی کورونا وائرس کا سب سے برا نشانہ بنے ہیں۔ امریکہ نے تو کورونا وائرس کے سامنے جس بری طرح سے گھٹنے ٹیک دئے ہیں اس نے اس کی سپر میسی کو سخت زک پہنچائی ہے۔ اس کی معیشت تباہی کے دہانے پر پہنچ چکی ہے۔ وہ اسلحہ کے زور پر دنیا کو غلام بنانے کے خواب دیکھ رہا تھا لیکن کورونا وائرس کے ایک جھٹکے نے اس کی ساری پھوں پھاں ہوا کر دی ہے۔ اسے خود سمجھ نہیں آ رہی کہ اس کے ساتھ کیا ہو گیا ہے؟ وہ بڑے جتن کر رہا ہے لیکن مسئلہ حل نہیں ہو رہا۔ امریکہ میں انسانی لاشوں کے انبار لگے ہوئے ہیں اور کورونا وائرس سے مرنے والوں کی مجموعی تعداد ایک لاکھ سے تجاوز کر گئی ہے۔ امریکی صدر کے بے رحم رویے اور ان رویوں سے پیدا ہونے والی کیفیت نے امریکہ کو بام عروج سے زمین پر پٹخ دیا ہے۔

بہت سے ممالک اب اس کی دسترس سے نکلتے جا رہے ہیں۔ ان کا رخ اب چین کی جانب مڑ رہا ہے۔ چین اس دور کی ابھرتی ہوئی قوت ہے جبکہ امریکہ کا سورج دھیرے دھیرے غروب ہوتا جا رہا ہے۔ جس قوم پر زوال کا گھیرا تنگ ہونا شروع ہو جاتا ہے اسے خود بھی خبر نہیں ہوتی کہ اس کے ساتھ کیا ہونے والا ہے جب کے پوری دنیا اس کی تماشائی ہوتی ہے۔ صرف زوال پذیر قوم اس بدلتی کیفیت کو دیکھنے سے معذور ہوتی ہے۔ وہ زوال پذیر ہو رہی ہوتی ہے لیکن پھر بھی اس کو تسلیم نہیں کرتی۔ شان و شکوہ کی بلند و بالا بلڈنگ جب دھڑام سے زمین بوس ہو جاتی ہے تو پھر اسے ہوش آتی ہے لیکن اس وقت اس کی کوئی اہمیت نہیں ہوتی۔۔۔ دوسری جنگ عظیم میں برطانیہ اس کرہ ارض کی سپر پاور تھا۔ اس کے اقتدار پر سورج غروب نہیں ہوتا تھا لیکن جنگ عظیم کے بعد امریکہ اس پر براجمان ہو گیا۔ برطانیہ کی مالی، معاشی اور جغرافیائی حیثیت انتہائی کمزور ہو گئی تھی لہٰذا وہ اس مسند کا اہل نہیں رہا تھا۔ سلطنت عثمانیہ تاریخی حوالہ کیلئے ایک زندہ مثال ہے جو اب ترکی جیسے ایک چھوٹے سے ملک میں مقید ہو کر رہ گئی ہے۔ ترکی کو پھر سے اٹھانے کی بڑی کوششیں ہو رہی ہیں لیکن کوئی ملک اس طرح سپر پاور نہیں بنتا۔ کوئی بڑی تابغہ روزگار شخصیت ابھرتی ہے اور ملک کو کہاں سے کہاں لے جاتی ہے۔ حالات و واقعات اور تاریخی مواقع اس شخصیت کو کارہائے نمایاں سرانجام دینے کیلئے مہمیز کا کام دیتے ہیں اور یوں کوئی مخصوص قوم دنیا کی امام بن جاتی ہے۔۔

ڈونلڈ ٹرمپ کے بارے میں مشہور ہے کہ وہ ایک متلون مزاج انسان ہے جو ہر آن نئے نئے شوشے چھوڑنے میں بڑا ماہر ہے۔ نسلی امتیاز اس کے رگ و پے میں سمایا ہوا ہے۔ بھارت کے نریندر مودی اور ڈونلڈ ٹرمپ کے درمیان یہی قدر مشترک ہے جس نے انھیں ایک دوسرے کے قریب کر رکھا ہے۔ نریندر مودی مسلمانوں کا جانی دشمن ہے اور ان کا وجود بھارتی سرزمین سے مٹانا چاہتا ہے جبکہ دوسرا کالوں کا دشمن ہے اور انھیں غلام بنانے پر بضد ہے۔ نریندر مودی نے مسلمانوں پر جس طرح عرصہ حیات تنگ کر رکھا ہے اس سے بھارت کے بکھر جانے کے امکانات بڑے روشن ہوتے جا رہے ہیں۔

مسلمانوں نے بھارت میں ہی رہنا ہے یہ ان کے آباؤ اجداد کی دھرتی ہے اور اپنی دھرتی کو کوئی نہیں چھوڑتا۔ نریندر مودی کے ظلم و ستم کے باوجود کوئی انھیں بزور قوت بھارت سے بے دخل نہیں کر سکتا کیونکہ وہ بھارت کے شہری ہیں۔ خدا کی حاکیت پر یقین رکھنے والی قوم پر ابتلاء و آزمائش کی گھڑیاں آ جائیں تو وہ ان سے سہم نہیں جاتی بلکہ پوری بہادری سے اس کا مقابلہ کرتی ہے۔ تاریخ کے اوراق میں اس طرح کے حکمران آتے رہتے ہیں لیکن وقت کا بہاؤ انھیں ایک دن خس و خاشاک کی طرح بہا کر لے جاتا ہے۔ ظلم جتنا بھی قوی ہو جائے اسے ایک دن مٹ جانا ہوتا ہے یہی قانون فطرت ہے۔ اسی قانون فطرت سے جمہوری نظام کی دلکش کونپلیں پھوٹی تھیں تاکہ انسان باہمی رواداری، محبت اور یگانگت سے سفر زندگی طے کر سکے۔ کچھ آمریت پسند اذہان انسانوں کو جھکانے اور نہیں دبانے کی سعی ضرور کرتے ہیں لیکن انھیں منہ کی کھانی پڑتی ہے کیونکہ ظلم کو زیادہ دیر تک نافذ نہیں رکھا جا سکتا۔

ڈونلڈ ٹرمپ کے نسلی امتیاز کا تازہ شکار جارج فلائیڈ بنا ہے جس کی ہلاکت سے پورا امریکہ دہل کر رہ گیا ہے۔ کورونا جیسی جان لیوا وباء کی موجودگی میں عوام کے جم غفیر نسلی امتیاز کے خاتمہ کے لئے سڑکوں پر ہیں۔ اس وقت پوری دنیا میں نسلی امتیاز کے شکار جارج فلائیڈ کے بہیمانہ قتل پر احتجاج ہو رہا ہے لیکن ڈونلڈ ٹرمپ عوامی احتجاج پر کان نہیں دھر رہا۔ وہ اپنی ہٹ دھرمی پر ڈٹا ہوا ہے۔ وہ کسی کی بات سننے کے لئے تیار نہیں ہے۔ نومبر ۲۰۱۶ء میں اس کے صدارتی انتخاب میں نسلی امتیاز کا نعرہ نے اسے کامیابی سے ہمکنار کیا تھا لہٰذا وہ اپنے نسل پرستانہ افکار پر بڑی ڈھٹائی سے کھڑا ہے تاکہ ایک دفعہ پھر جیت جائے۔ مسلمان ہوں یا پھر سیاہ فام جبکہ ڈونلڈ ٹرمپ انھیں کسی بھی قسم کی رو رعائیت دینے کو تیار نہیں ہے۔ قوم متفقہ ہو جائے تو پھر اس کا شیرازہ بکھر جاتا ہے۔ امریکہ بھی اس وقت اسی راہ پر گامزن ہے۔ رومن امپائر بھی ایسے ہی زوال پذیر ہوئی تھی۔ بھارت کو بھی ایک دن اپنی نسل پرستانہ سوچ کا خمیازہ بھگتنا پڑے گا۔

بلوچ خواتین کی آزمائشیں (آخری قسط)

خواب اور خیال/آغا نیاز مگسی

لیکن جب جنگ میں جیت ہوئی تو بجائے خوشی کی دھن بجانے کے خواتین کو آزمانے کی غرض سے غمگین دھن بجائی گئی جس پر خواتین نے بوری گھٹ چاکر ہاؤس کیھر تھر جھیل کے قریب کو دکر اپنی جان دے دی۔ گو کہ مرد حضرات کی جانب سے خواتین کو آزمانے کا یہ بھونڈا، ناجائز اور ظالمانہ طریقہ تھا جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے اور اس عظیم سانحے پر جتنا بھی افسوس کیا جائے کم ہے یہ فعل نہایت نفرت انگیز تھا مگر عظیم بلوچ خواتین کے اس عمل سے ان کی عزت و عصمت کے تحفظ، جرئت و بہادری اور وفاداری کا بے مثال ثبوت ملتا ہے۔

بلوچ خواتین کا شعر و ادب میں بھی بڑا اہم کردار رہا ہے۔ ایک موقع پر جب سردار چاکر خان رند کی اپیل پر ڈوالنوں بیگ ارغون کا ایک جنگی لشکر سردار چاکر خان کی حمایت میں سردار گوہرام لاشاری کے قبیلے پر حملے کے لیے پہنچا تو گہرام لاشاری کی والدہ محترمہ نے اپنے فرزند کو حالات کی نزاکت سے آگاہ کرتے ہوئے بلوچی شاعری میں احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کا مشورہ دیا جس کا اردو ترجمہ ہے

میں دیکھ رہی ہوں کہ اس کے بغیر
تیرے لیئے اور کوئی چارہ کار نہیں ہے
کہ رستے سے ہٹ کر ان سے لڑنے کے لیے
کوئی جگہ تلاش کر لے اپنے بال بچوں کو
اور مال و مویشی کو اونچے پہاڑوں پر
گھاٹیوں کے اس پار کر دے

سولہویں صدی میں پرتگیزی بحری قزاق بحر بلند میں ڈاکہ ڈالا کرتے تھے تو شیخ فارس میں ساحل بلوچستان کی بندرگاہیں بھی ان کی چیرہ دستیوں سے محفوظ نہ تھیں اس دور میں حمل جیہند ہوت بلوچوں کا سردار تھا (سسی پنہوں کی داستان کے کردار پنوں کا تعلق اسی قبیلے اور اسی سردار خاندان سے تھا) وہ پرتگیز قذاقوں کو ہمیشہ شکست دیتے تھے مگر ایک بار پرتگیزی بحری قذاقوں نے سردار حمل جیہند کو اچانک سمندر میں گھیر لیا اور گرفتار کر لیا۔ بلوچ قوم میں اس وقت توہم پرستی زیادہ تھی اس واقعے پر سردار حمل کی بہن بی بی بلوچ نے اپنے بھائی کی گرفتاری پر اس توہم پرستی کی بنیاد پر یہ اشعار کہے

ترجمہ

میں دیکھ رہی ہوں کہ اس کے بغیر
تیرے لیئے اور کوئی چارہ کار نہیں ہے
کہ رستے سے ہٹ کر ان سے لڑنے کے لیے
کوئی جگہ تلاش کر لے اپنے بال بچوں کو
اور مال و مویشی کو اونچے پہاڑوں پر
گھاٹیوں کے اس پار کر دے

اے بھائیوں کی بہن ہفتے کے دن اور سولہویں تاریخ کو اپنا سر نہ دھونا
کیوں کہ ہفتے کا دن بھائیوں کے لیے سعید ساعت نہیں ہے
ہفتے کے دن اور سولہویں کی منحوس تاریخ کو حمل نے اپنی کشتی سمندر میں ڈال دی وہ دن منحوس ثابت ہوا۔

بی بلوچ بی بی شاعرہ اپنی ایک نظم میں کہتی ہے کہ میرے بھائی حمل کے ساتھ وہاں کیسا سلوک ہوا اور اس نے وہاں کیا دیکھا کیا بیان کیا وہ اپنی رزمیہ نظم میں اپنے بھائی کی زبانی اس طرح بیان کرتی ہے۔

ترجمہ

مجھے ان کی عورتیں اس لیئے پسند نہیں ہیں کہ ان کی قمیصیں اتنی چھوٹی ہیں کہ ان کی ناف نظر آتی ہے، ان کی عورتیں بے دین اور کافر ہیں نہ ہاتھ اور منہ دھوتی ہیں، نہ خدا کا نام لیتی ہیں گود میں ان کے بچے ایسے لگتے ہیں جیسے سور کے بچے ہوں، کھجور کا حلوہ بناتی ہیں تو اس میں کھیاں ملا کر کھاتی ہیں، جب مرد شکار کو جاتے ہیں تو ان کی بیویاں چرواہوں کے ساتھ رنگ رلیاں مناتی ہیں یا گھر میں پڑے ہوئے بزدلوں سے پیار کرتی ہیں

جبکہ اپنے بھائی کی زبانی وہ اپنی بلوچ خواتین کا پرتگیز خواتین سے اس طرح موازنہ کرتی ہے۔

ترجمہ

"مجھے اپنے ملک (بلوچستان) کی نشیلی آنکھوں والی بیبیاں پیاری لگتی ہیں جن کی قمیض شلوار اور دوپٹے ریشمی کپڑوں کے بنے ہوئے ہوتے ہیں ان کی آستینیں اتنی لمبی ہوتی ہیں کہ فقط ان کی انگلیاں نظر آتی ہیں، وہ پردہ دار ہوتی ہیں"

موجودہ دور میں کتنی بلوچ خواتین شاعری کرتی ہیں اس بارے میں مجھے صحیح علم نہیں ہے البتہ میرے علم کے مطابق اس وقت پروفیسر طاہرہ احساس جتک صاحبہ، محترمہ صدف حسنی صاحبہ اور جہان آراء تبسم صاحبہ بلوچی اور براہوئی کی مشہور خواتین شاعرات ہیں تمیرا صدف حسنی صاحبہ پروفیسر طاہرہ احساس جتک صاحبہ کی صاحبزادی ہے یعنی شاعرہ بنت شاعرہ۔ اس سائنسی اور جدید دور میں بھی بلوچ قوم میں بلوچ خواتین کی شاعری کو معیوب اور سنگین جرم سمجھا جاتا ہے ایسے حالات میں بلوچ/براہوئی خواتین کا شعر و ادب میں اپنا نام اور مقام پیدا کرنا بہت بڑی بات ہے۔

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر یہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

مزاح کا عہد، مشتاق احمد یوسفی!

رانا اعجاز حسین چوہان

یوں تو ہر شخص یہ سمجھتا ہے کہ اسے ہنسنا ا

شال — بقیہ 1

یقین دلایا ہے کہ بلوچستان کے منصوبوں کے اس سال ستمبر میں ٹینڈر کر دیے جائیں گے اور وفاقی اور صوبائی حکام منصوبوں کی پیشرفت کے حوالے سے ہر ماہ جائزہ اجلاس منعقد کریں گے، این ایف سی میں بلوچستان کے حصے کو آئینی تحفظ حاصل ہے یہی وجہ ہے کہ ہمیں اوور ڈرافٹ کی طرف جانے کی ضرورت نہیں، بجٹ کے خسارے کو پورا کرنے کے لئے منصوبہ بندی تیار کی ہوئی ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان ڈیلی نیوز بیورو ایڈیٹر کونسل کے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا، وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبہ ہمیشہ سے روایتی سیاست میں پھنسا رہا ہے اور اصلاحات یا بنیادی ڈھانچہ کی طرف کبھی توجہ نہیں دی گئی ہے، کورونس میں اصلاحات لائے بغیر آگے بڑھنا اور وفاق کی دلچسپی حاصل کرنا ممکن نہیں، انہوں نے کہا کہ ماضی میں فنڈز کا ضیاع ہوا، غلط منصوبہ بندی کے باعث ترقیاتی عمل میں کوتاہیاں ہوئیں، 1997ء کے منصوبے بھی آج تک نامکمل ہیں، موجودہ صوبائی حکومت نے 1997 سے 2017 تک کی نامکمل اسکیموں کی تکمیل کے لئے 18 ارب روپے مختص کئے ہیں، انہوں نے کہا کہ ماضی میں پہلے ان اسکیموں کو مکمل کیا جاتا تھا جن میں وزیراعلیٰ اور وزراء کی دلچسپی ہوتی تھی، اگر وزیراعلیٰ اپنے حلقے سے باہر نہ نکلے تو باقی صوبہ کبھی ترقی نہیں کرے گا کیونکہ وزیراعلیٰ پورے صوبے کا ہوتا ہے اور اس نے پورا صوبہ دیکھنا ہوتا ہے، وزیراعلیٰ نے کہا کہ آئندہ مالی سال کے بجٹ میں تمام سیکٹرز اور تمام پہلوؤں کو مدنظر رکھا گیا ہے، ایسے منصوبے شامل کئے گئے ہیں جنہیں زیادہ سے زیادہ دو سال میں مکمل کیا جاسکے، نظام چلنے کا تو سب کو فائدہ پہنچے گا، وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہم صوبے کے اپنے وسائل اور محصولات میں اضافے پر توجہ دے رہے ہیں، رواں مالی سال میں ہمارے اپنے وسائل میں 25 ارب روپے تک کا ریکارڈ اضافہ ہوا اور آئندہ مالی سال کے لئے 45 ارب روپے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے اور محاصل کے حامل دس محکموں میں ضروری اصلاحات کا نفاذ عمل میں لایا گیا ہے۔

شال — بقیہ 2

خصوصی سے دوہری شہریت کی تفصیلات مانگ لیں ذرائع کے مطابق وزیراعظم نے ہدایت کی کہ معاونین اور مشیران اپنی شہریت کی تفصیلات کابینہ ڈویژن میں جمع کرائیں اجلاس میں راؤ اجمل، خالد مگسی، صوبائی سیکرٹری زراعت اور دیگر ارکان بھی شریک تھے دریں اثناء وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ ملک میں گندم کی وافر مقدار میں دستیابی اور گندم اور آٹے کی قیمتوں کو قابو میں رکھنا حکومت کی اولین ترجیح ہے تاکہ غریب طبقے پر اضافی بوجھ نہ پڑے۔ گندم اور آٹے کی قیمتوں میں کمی لانے کے حوالے سے صوبائی حکومتوں کی مشاورت سے کئے گئے فیصلوں پر جلد از جلد عمل درآمد کو یقینی بنانے کے لئے فوری اقدامات اٹھائے جائیں، گندم کی سمگلنگ اور ذخیرہ اندوزی کے حوالے سے زیرو ٹالرینس پالیسی کو یقینی بنایا جائے۔ وزیراعظم کی زیر صدارت منگل کو گندم اور آٹے کی قیمتوں میں کمی لانے کے سلسلے میں اٹھائے جانے والے اقدامات کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔

شال — بقیہ 3

فیصلہ سناتے ہوئے سینیٹر سرفراز بگٹی کی عبوری ضمانت میں توسیع کی درخواست مسترد کرتے ہوئے انکی عبوری ضمانت منسوخ کردی، اس سے قبل سیشن کورٹ نے کیس میں سینیٹر سرفراز بگٹی کی گرفتاری کا حکم دیا تھا جس کے بعد سرفراز بگٹی نے بچی کے اغوا میں معاونت کے کیس میں ہائی کورٹ میں ضمانت کی درخواست دائر کر رکھی تھی ہائی کورٹ نے سینیٹر سرفراز بگٹی کو بچی کی بازیابی میں معاونت کرنے کے لئے کئی مرتبہ مہلت بھی دی تھی، واضح رہے کہ انکے خلاف ایک خاتون نے 10 سالہ نواسی کے اغواء میں معاونت کا الزام عائد کیا تھا خاتون کی جانب سے سرفراز بگٹی کیخلاف گذشتہ سال دسمبر میں اپنی نواسی کے اغواء کے حوالے ایف آئی آر درج کرائی گئی تھی۔

شال — بقیہ 4

اور ان پر بدترین تشدد کیا گیا۔ اس واقعے کے مرتکب اہلکاروں کو معطل کرکے سینئر پولیس افسر کی سربراہی میں تحقیقات کرائی جائیں۔ اس موقع پر صوبائی وزیر داخلہ وقبائلی امور میر ضیاء اللہ لانگو اور انجینئر زمرک اچکزئی نے مطالبہ کیا کہ صحافیوں کی گرفتاری اور ان پر تشدد کے واقعے کی تحقیقات کرائی جائیں گے صحافیوں سے کوئی زیادتی برداشت نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ جام کمال نے واقعے کا نوٹس لے لیا ہے صوبائی وزیر داخلہ نے صحافیوں کے مطالبے پر سیکرٹری داخلہ کو طلب کرلیا۔ پشتونخوا میپ کے رکن صوبائی اسمبلی نصر اللہ زیرے نے معاملہ اسمبلی میں پوائنٹ آف آرڈر پر اٹھاتے ہوئے واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ دور حکومت میں جمہوری روایات کو پامال کیا جارہا ہے چمن کے سینئر صحافی متین اچکزئی اور سعید علی اچکزئی پر بدترین تشدد کیا گیا ہے آزادی صحافت کیلئے ہمارے اکابرین نے بے شمار قربانیاں دی ہے خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی نے 1938ء میں پریس ایکٹ منظور کرایا، انہوں نے مطالبہ کیا کہ صحافیوں پر تشدد کی تحقیقات کیلئے کمیشن بنایا جائے اور کمیشن میں اپوزیشن اراکین کو بھی شامل کیا جائے صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے ایوان میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ نے واقعہ کا ازخود نوٹس لیکر آئی جی سے رپورٹ طلب کی ہے جو بھی ذمہ دار ٹھہرا ان کے خلاف کارروائی ہوگی۔ عوامی نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر اصغر خان اچکزئی نے بھی صحافیوں کی گرفتاری اور ان پر تشدد کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایک قابل مذمت اور دلخراش واقعہ ہے اس ماورائے آئین وقانون اقدام میں جو بھی لوگ ملوث ہیں انکے خلاف کارروائی ہونی چاہئے ہمیں سمجھ نہیں آرہی کہ ان سے کیا خطرہ تھا کہ انہیں راتوں رات مچھ جیل پہنچایا گیا اور راستے میں خطرناک قسم کا تشدد بھی ان پر کیا گیا پھر اگر واقعی وہ قصوروار تھے تو انہیں راتوں رات کیوں چھوڑ کر رہائی دی گئی اس واقعے نے آزادی صحافت کے حوالے سے سرشرم سے جھکا دیئے ہیں اس واقعے میں ملوث کرداروں کو بے نقاب کرنے کی ضرورت ہے۔

شال — بقیہ 5

تہذیب کو مانتے ہیں بلکہ ہر چیز توڑ پھوڑ دینا چاہتے ہیں اگر اختر مینگل سے بات کر رہے ہیں تو اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ پارلیمنٹ میں موجود ہیں، پیپلز پارٹی آج بھی بلوچستان کے مسائل کے حل کیلئے اپنا کردار ادا کرنے کیلئے تیار ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے صدر قمر زمان کائرہ اور جنرل سیکرٹری چوہدری منظور احمد سے ٹیلیفونک رابطے میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ آصف علی زرداری نے پنجاب کی قیادت سے تازہ ترین صورتحال اور پارٹی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے 2008 کے عالمی بحران میں کسانوں اور مزدوروں کو سپورٹ کیا، کسانوں اور محنت کشوں کیلئے سپورٹ پروگرام مزید ملکی معیشت واپس آئی۔ انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے وفاقی حکومت صوبوں کو مضبوط بنانے کی بجائے انہیں مزید کمزور کررہی ہے، وفاق میں بیٹھے لوگ سیاسی ادراک نہیں رکھتے، ہر بحران کو مزید گہرا کردیتے ہیں۔

شال — بقیہ 6

صدارت شروع ہوا۔ اجلاس میں بجٹ پر بحث کا آغاز کرتے ہوئے اپوزیشن لیڈر ملک سکندر ایڈووکیٹ نے بجٹ کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ بجٹ عوام دوست نہیں کسی صورت اس کا حصہ نہیں بنیں گے انہوں نے کہا کہ ملک میں آئین پر عملدرآمد نہیں ہورہا ہم نے آئین سے وفاداری کا حلف اٹھایا ہے مگر بدقسمتی سے ہمارے عہد دیوا کے ثمرات عوام مستفید ہونے سے محروم ہیں جس سے ہمارے لوگوں کی پریشانیاں، بے چینی میں اضافہ ہوا ہے 70 سال گزر جانے باوجود ہماری اکثریتی آبادی خط غربت سے نیچے زندگی گزارنے پر مجبور ہیں انہوں نے کہا کہ حکومت مفلوج ہے پیٹرولیم مصنوعات اور اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں کمی مہنگائی برقرار ہے۔

شال — بقیہ 7

انہوں نے کہا کہ اوکاڑہ میں میر چاکر اعظم رند کے مقبرے کی اصل حالت میں بحالی کیلئے فنڈز مہیا کر دیئے ہیں۔ جس کی بحالی کے کام کا آغاز کردیا گیا ہے۔ اور اس تاریخی مقبرے کو اصل حالت میں بحال کرکے مقبرے کے ساتھ بنائی ہوئی دیوار کو ہٹا کر احاطہ کو وسیع کیا جائے گا۔ اور مقبرہ میر چاکر اعظم کی دیواروں اور بنیادوں کو محفوظ اور تاریخی مقبرے کے ساتھ ریسٹ ہاؤس اور میوزیم بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اوکاڑہ کے نواح میں ست گرہ کو سٹیٹ آف دی آرٹ سیاحتی مقام بنایا جائے گا۔ ست گرہ قلعہ، گلجاو فارم اور سرگنگا رام کا بنایا ہوا ہائیڈرو الیکٹرک پاور سٹیشن سیاحوں کی دلچسپی کا باعث ہوگا۔ ان کی تاریخی حیثیت کو بحال رکھنا آثار قدیمہ کی حفاظت کا اولین تقاضا ہے۔ جبکہ ست گرہ گاؤں میں رابطہ سڑکیں اور سیوریج سسٹم بنایا جا رہا ہے۔ ہمارا یہ اقدام سے بلوچ پشتون بھائیوں کو خیر سگالی کا پیغام دیا گیا ہے۔ مقبرے سے ملحقہ سڑکوں کی ترجیحی بنیادوں پر بحالی و مرمت کی جائے گی۔

شال — بقیہ 8

بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ لداخ میں بڑھتے تنازع کے دوران آئی ایس آئی ہیڈ کوارٹر میں غیر معمولی اجلاس ہوا لیکن یہاں پر وزیراعظم بالکل غائب رہے، انہوں نے مزید کہا کہ لداخ معاملے پر وزیراعظم نے ایک لفظ بھی منہ سے نہیں نکالا ان کی خاموشی معنی خیز ہے، ان کا کہنا تھا کہ وزیراعظم لداخ میں تنازع کے دوران نئی اے ٹی ایم مشینوں کی تلاش کیلئے اپنے سندھ کے یکطرفہ دورے میں مصروف رہے، جب لداخ میں تنازع تھا تو اس وقت وزیراعظم سندھ میں اپنے میڈیا اور سیاست سے وابستہ جانب دار اتحادیوں سے ملاقاتیں کررہے تھے، وزیراعظم نے دورہ سندھ کے دوران ڈاکٹروں، کرونا وائرس اور بڈی ڈل کو بالکل نظرانداز کردیا۔

شال — بقیہ 9

مرغیوں اور ایک مرغے پر مشتمل ہوگا۔ طے شدہ طریق کار کے تحت مستحق خاندانوں کا انتخاب کیا جائے گا اور انہیں پرنٹ میڈیا میں اشتہار کے ذریعے پہلے سے آگاہ کیا گیا اس پیکیج میں (نو مرغیوں اور ایک مرغے) جس کی قیمت 1465 ہیں صوبائی وزیر نے منصوبے کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت معاشرے کے نادار طبقے کی فلاح پر بھرپور توجہ دے رہی ہے، یہ اقدام صوبے میں مستحق افراد اور خصوصاً اس شعبے میں خواتین کی معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایک زرعی ملک ہونے کے باوجود گزشتہ 70 سالوں میں صوبہ بلوچستان میں، لائیوسٹاک اور پولٹری کے شعبے کی بہتری کیلئے کچھ بھی نہیں کیا۔ تاہم انہوں نے واضح کیا کہ موجودہ صوبائی حکومت نے 2018 سے 2023 تک اپنے موجودہ دور حکومت میں زراعت، لائیوسٹاک اور پولٹری کے شعبے پر منصوبہ بندی کر رکھی ہے۔ جس سے آنے والے وقتوں میں مثبت نتائج آئیں گے صوبائی وزیر نے کہا کہ صوبائی حکومت صوبے کی معیشت کی ترقی کیلئے کام کررہی ہے جس کا مقصد آمدنی میں اضافہ، روزگار کی فراہمی اور غربت کا خاتمہ کرنا ہے۔ مشاخان کاکڑ نے کہا کہ ہم وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی متحرک اور مخلص قیادت میں صوبے کی معیشت کو مستحکم کرنے کیلئے کوشاں ہیں جو صرف اصلاحات تک محدود نہیں بلکہ معاشرے کے غریب اور نادار طبقے کو ریلیف اور تعاون فراہم کرنے پر بھی خصوصی توجہ دی جارہی ہے انہوں نے کہا کہ۔ اس منصوبے سے روزگار کے وسیع مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ جس سے غربت میں بھی کمی آئے گی۔

شال — بقیہ 10

اجلاس ہفتہ اور اتوار کو بھی جاری رہے گا۔ اسد قیصر نے کہا کہ ایوان کی کارروائی قواعد وضوابط کے تحت چلائی جائے گی، ایوان کا ماحول خراب کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ خوشگوار ماحول میں ایوان کی کارروائی کے انعقاد کے لئے تعاون پر تمام جماعتوں کا مشکور ہوں۔ پارلیمانی رہنماؤں نے اپنے ممبران کو بجٹ پر عام بحث میں حصہ لینے کے لئے زیادہ سے زیادہ مواقع کی فراہمی پر اظہار اطمینان کیا۔ اجلاس میں گرانٹس، فنانس بل اور ضمنی گرانٹس کے مطالبات زر پر غور کے لئے متفقہ طور پر دن کی الاٹمنٹ کو دوبارہ ترتیب دینے کا فیصلہ کرلیا گیا، فیصلے کے مطابق، جمعرات کو بجٹ پر عمومی گفتگو سمیٹی جائے گی، جمعہ اور ہفتہ کو مطالبات زر اور کٹوتی کی تحریکوں پر بحث اور منظوری لی جائے گی، فنانس بل اتوار کو منظوری کے لیے پیش کیا جائے گا، پیر کو ضمنی گرانٹس کی منظوری دی جائے گی۔

شال — بقیہ 11

عمران خان نے نئی 5 سالہ تجارتی پالیسی میں تاخیر کا نوٹس لے لیا۔ ذرائع نے بتایا کہ وزیراعظم عمران خان نے وزارت تجارت کو پالیسی جون کے آخر تک منظوری کے لیے پیش کرنے کی ہدایت کردی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ وزیراعظم کے نوٹس کے بعد وزارت تجارت متحرک ہوگئی جس کے بعد نئی تجارتی پالیسی رواں ہفتے کے آخر تک اقتصادی رابطی کمیٹی (ای سی سی) کو بھجوانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ای سی سی کی منظوری کیبعد پالیسی کابینہ میں پیش کی جائے گی۔ خیال رہے کہ گزشتہ حکومت نے 2015 میں 3 سال کیلئے تجارتی پالیسی متعارف کی تھی۔ عبدالرزاق داؤد وزیراعظم عمران خان کے مشیر برائے تجارت و سرمایہ کاری ہیں جن کا عہدہ وفاقی وزیر کے برابر ہے۔

شال — بقیہ 12

عباسی نے نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی اسلام آباد کا دورہ کیا۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی کے پریذیڈنٹ لیفٹیننٹ جنرل محمد سعید نے نیول چیف کا استقبال کیا، نیول چیف نے نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی میں زیر تربیت افسران سے خطاب کیا اور ملکی دفاع میں مسلح افواج کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ نیول چیف نے کہا کہ ہمیں خطے میں ابھرتی ہوئی دفاعی صورت حال کو مدنظر رکھتے ہوئے ہمہ وقت تیار رہنا چاہیے۔ نیول چیف نے کہا کہ کسی بھی محاذ میں کامیابی کے لیے عسکری طاقت کے ساتھ ساتھ ایمان کی مضبوطی اور کردار کی پختگی بھی انتہائی ضروری ہے۔ نیول چیف نے کہا کہ مشترکہ فوجی حکمت عملی آج کے دور کی اہم ضرورت ہے۔ سربراہ پاک بحریہ نے کہا کہ پاک بحریہ اپنی سمندری حدود کی حفاظت سے متعلق کسی بھی چیلنج سے نمٹنے کے لیے ہمہ وقت تیار ہے۔ ترجمان کے مطابق نیول چیف نے اپنے خطاب میں پاک بحریہ کے ترقیاتی منصوبوں پر روشنی ڈالی۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق امیرالبحر نے کہا کہ مسلح افواج کے افسران کو مستقبل کے چیلنجز سے روشناس کروانے کیلیے نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی کا کردار اہم ہے۔

شال — بقیہ 13

کی، وزارت خارجہ اور سفارتخانے کے تمام عملے کو سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کر دی گئی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال نے زلفی بخاری سے بلوچستان کے پھنسے ہوئے مزدوروں کی جلد واپسی کی درخواست کی تھی، زلفی بخاری نے ذاتی کوششوں سے بروقت اقدامات مکمل کر لئے، معاون خصوصی زلفی بخاری نے وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال کو جوابی خط لکھ دیا۔ زلفی بخاری نے کہا کہ اوورسیز پاکستانیوں کی محفوظ واپسی وزیراعظم کی ترجیحات میں شامل ہے، آپ کی خصوصی درخواست پر بلوچستان کے 2000 پاکستانیوں کی واپسی کا سلسلہ شروع کر دیا گیا ہے، پاکستانی محنت کشوں کی واپسی کو ذاتی طور پر مانیٹر کر رہا ہوں، آخری پاکستانی کی واپسی تک با تعلق آپریشن جاری رکھا جائے گا۔

شال — بقیہ 14

ہیں جو وزیراعظم پر کنٹیوز ہونے کا الزام لگا رہے ہیں۔ ایک بیان میں معاون خصوصی نے کہا کہ کنفیوژ وہ ہیں جو لیپ ٹاپ پر ماسک پہنتے، نیب پیشی پر چوروں کی بارات کے ساتھ جاتے ہیں، آپ کا اصل مقصد قوم کو کنفیوژ کرنا ہے جس میں آپ کامیاب نہیں ہونگے، وزیراعظم نئی کرونا پر پالیسی پہلے دن سے واضح ہے جسکی دنیا معترف ہے، ہمیں کرونا کے ساتھ زندگی کو پلان کرنا ہے جب تک اسکی ویکسین دریافت نہ ہوجائے، قوم کسی کنفیوژن کی نہیں آپ کی کرپشن اور لوٹ مار کی قیمت ادا کر رہی ہے، الحمدللہ پچھلے ہفتے سے کرونا کے کیسز کم ہورہے ہیں، پاکستان ان ممالک میں شامل ہے جن میں کرونا سے صحت یاب ہونے والوں کی شرح سب سے زیادہ ہے، آپکی خواہش تھی کہ سخت لاک ڈاؤن ہو اور لوگ کرونا کے ساتھ ساتھ بھوک سے مریں اور آپ سیاست کریں، اپنی اس خواہش کو ناکام ہوتا دیکھ کر دراصل آپ کی فرسٹریشن بڑھتی جارہی ہے۔

شال — بقیہ 15

سمیت دیگر اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آرمی چیف نے کورونا سے لڑنے کے لیے چین کے بروقت طبی تعاون اور پاکستان کی مدد کے لیے اپنی میڈیکل ٹیم بھیجنے کا خیر مقدم کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق جنرل قمر باجوہ نے کہا کہ کورونا وائرس کا علاج ڈھونڈنے میں دنیا تاحال مصروف ہے، ملٹی نیشنل سپورٹ اور عالمگیر تعاون سے وبا کے طبی اور معاشی اثرات سے نمٹیں گے۔ چین کے فوجی وفد نے آرمی چیف کو یقین دہانی کرائی کہ چین زندگی کے ہر شعبے میں پاکستان کی مدد جاری رکھے گا۔

شال — بقیہ 16

کیلئے تھیں، اس لیے اس حکومت کی کارکردگی کو جانچنے کیلئے پیمانہ بھی دوسروں سے مختلف ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری اپنی کوتاہیاں ہیں کہ ڈلیور نہیں کرسکے، حکومت دو چیزوں پر چلتی ہے، ایک سیاست پر اور دوسرے گورننس پر۔ ان دونوں میں توازن قائم نہ رہے تو معاملات کسی بھی وقت قابو سے باہر نکل جاتے ہیں۔ عمران خان کو اس بات کا پورا احساس ہے۔ انھوں نے کابینہ اجلاس میں بھی کہا کہ آپ کے پاس چھ ماہ ہیں کام کرنے کے لیے، اس کے بعد وقت آپ کے ہاتھ سے نکل جائے گا اور معاملات دوسری طرف چلے جائیں گے۔ فواد چوہدری نے کہا کہ حکومت میں آنے سے پہلے نظام میں تبدیلی کے بارے میں عمران خان کے خیالات بالکل واضح تھے لیکن جب حکومت بنی تو جہانگیر ترین، شاہ محمود قریشی اور اسد عمر میں اتنے جھگڑے ہوئے کہ سارا سیاسی طبقہ کھیل سے باہر ہوگیا۔ جہانگیر ترین نے اسد عمر کو وزارت خزانہ سے فارغ کروایا تھا۔ اسد عمر دوبارہ آئے تو انھوں نے جہانگیر ترین کو فارغ کروادیا۔

شال — بقیہ 17

میں ڈاکٹروں اور پیرا میڈیکس کی عدم موجودگی کو ظاہر کرکے میرے وقار کو مجروح کرنے کی ناکام کوشش کی گئی انہوں نے مقامی صحافیوں کو بتایا کہ اس دن دو ڈاکٹرز ڈاکٹر زین العابدین اور ڈاکٹر زاہد سرکی اپنی ڈیوٹی پر موجود تھے جبکہ ایک پیرا میڈکس سٹاف غیر حاضر تھا جس کی میں نے جواب طلبی بھی کی ہے انہوں نے کہا ہے کہ یہ عناصر اس لیئے منفی پروپگنڈہ کررہے ہیں کہ میں نے انکے اقارب پر غیر اخلاقی حرکت کرنے اور کرپشن پر انکے خلاف کارروائی کا عمل جاری کیا اس لیئے یہ سازشی فیکٹریاں اپنی رشتہ داریاں نبھا کر ایک سماجی تنظیم کے آڑ میں نا صرف مجھ کو بلکہ اس سماجی تنظیم کے ساکھ کو بھی متاثر کررہے ہیں مجھ پر زائد المعیاد ادویات کو جلانے کا بھی بے جا الزام انہی لوگوں کی جانب سے لگایا گیا حالانکہ یہ عذر آتش کیے گئی زائد المعیاد ادویات میڈیکل پروگرام کے تھے میرا ان سے سروکار نہیں انہوں ڈپٹی کمشنر پنجگور سے مطالبہ کیا کہ ایسے سازش گھڑنے والے گروہوں کے خلاف کارروائی کرکے ان کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے تاکہ آئندہ کوئی بھی شخص کسی شریف انسان پر کیچڑ اچھالنے سے گریز کرے۔

شال — بقیہ 18

ڈاکوؤں نے فائرنگ کرکے موٹر سائیکل سوار رینش اوڈ اور ندیم اوڈ کو زخمی کرکے فرار ہوگئے اطلاع ملنے پر پولیس جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور زخمیوں کو فوری طور پر ڈیرہ مراد جمالی کی ہسپتال پہنچا دیا جہاں ایک زخمی کی حالت تشویشناک بتائی گئی ہے دوسرا ڈیتھ کا واقعہ گھوٹکی شہری تھانہ کی حدود میں مکھی شاخ کے قریب مسلح ڈاکوؤں نے خادم مغیری سے موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش کی تو اہل علاقہ نے موقع پر پہنچ کر موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش ناکام بنادیا تاہم نامعلوم مسلح ڈاکو فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے پولیس نے دونوں واقعات کی مزید کارروائی شروع کردی ہے۔

شال — بقیہ 19

دانشمندانہ اقدام ہے، دنیا بھر میں جاری اس موذی وبا کے پھیلاؤ کی روک تھام کیلئے سعودی فیصلے کی تائید کرتے ہیں۔ پیر نورالحق قادری نے کہا کہ شاہ سلیمان بن عبدالعزیز اور سعودی حکومت نے ہمیشہ حجاج کیلئے بہترین سہولیات کو یقینی بنایا ہے۔ وزیر مذہبی امور نے کہا کہ حجاج کرام کی ہر ممکن بہبود کیلئے خادم حرمین شریفین کے اقدامات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے، وزارت مذہبی امور نے پاکستانی حجاج کرام کو رقوم کی واپسی کا فیصلہ کرلیا، ضروری امور طے کرنے کے بعد حجاج کرام کو بذریعہ ایس ایم ایس اطلاع کردی جائے گی، پاکستانی حجاج کو رقوم کی واپسی کیلئے طریقہ کار کا اعلان جلد کیا جائے گا۔

شال — بقیہ 20

ہے، 12 سال سے بلاشرکت غیرے سندھ پر حکمرانی کرنے کے باوجود صوبہ کے عوام پینے کے صاف پانی سے بھی محروم ہیں، صاف پانی اور اپنے حقوق کیلئے احتجاج کرنے والے افراد پر مقدمات قابل مذمت اور آمریت کی بدترین مثال ہے، صحت وتعلیم کی صورتحال کا تو برا حال ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی سندھ کے میڈیا سیل کے دورے پر بات چیت کے دوران کیا، دریں اثناء انہوں نے جمعیت اتحاد العلماء سندھ کے سابق صدر وجامع مسجد قباء کے پیش امام مولانا عبدالرؤف کی وفات پر ان کے گھر جاکر لواحقین سے تعزیت جبکہ صوبائی امیر محمد حسین محنتی کو ٹیلیفون کرکے مزاج پرسی کی جو کہ ان دنوں کورونا ٹیسٹ پازیٹو آنے پر گھر میں آئیسولیشن میں ہیں، اس موقع پر صوبائی ناظم عمومی مولانا محمد دین منصوری، نائب امیر ضلع گلبرگ کامران سراج، سیکریٹری اطلاعات مجاہد چنا اور ڈپٹی سیکریٹری اطلاعات وزیر علی جمالی بھی موجود تھے، ایک سوال کے جواب میں لیاقت بلوچ کا کہنا تھا کہ بلوچ رہنما اور بی این پی کے سربراہ سردار اختر مینگل کا پی ٹی آئی کا دھرنا ختم کرنے پر احتجاج کا جواز درست ہے، بلوچستان میں اپوزیشن کو آزادی سے سیاست کرنے دی گئی تو صوبہ بلوچستان میں تبدیلی آسکتی ہے، انہوں نے کہا کہ کورونا واقتصادی بحران خطرناک حد تک بڑھ سکتا ہے جس کیلئے حکومت کو اپوزیشن کے ساتھ مل کر سنجیدہ اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔

شال — بقیہ 21

اور بدعنوانی ختم کرنے کی ضرورت ہے گزشتہ ستر سال سے صوبے کے وسائل چند خاندانوں واشرافیہ پر خرچ ہورہی ہے وفاق نے بلوچستان کو یہاں کے نااہل حکمرانوں کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا ہے۔ بلوچستان کے عوام محکمہ گیس کے ٹیکسز، میٹرک، پی یو جی جیسے جرمانوں سے تنگ آچکے ہیں عوام کے جیبوں پر ڈاکہ ڈالنے والوں کو کسی صورت معاف نہیں کیا جائیگا چمن کے صحافیوں پر تشدد کی مذمت کرتے ہیں صوبے کے جمہوری جماعتیں وعوام صحافیوں کیساتھ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آن لائن کلاسز کے حوالے سے بھی بلوچستان کے طلباء کیساتھ سوتیلی ماں کا سلوک کیا جارہا ہے نوے فیصد طلباء کو پکی وائنڈ کی سہولت میسر نہیں اور آن لائن کلاسز شروع کی گئی جو لمحہ فکریہ ہے۔

شال — بقیہ 22

معاملے پر پی ڈی ایم گاڑی کے لوڈ سے نوکنڈی انتظامیہ 3000 سے 5000 تک رشوت لیکر گاڑیوں کو پاس کی جاتی ہے ایک طرف آٹا کی اسمگلنگ زور شور سے جاری ہے تو دوسری طرف شہر میں آٹا کی مصنوعی قلت پیدا ہوگئی ہے مگر انتظامیہ ٹس سے مس نہیں ہورہی اہلیان نوکنڈی نے ضلعی انتظامیہ اور کمانڈنٹ تفتان رائفلز سے مطالبہ کیا کہ نوکنڈی کے راستوں سے افغانستان کے لیے اسمگلنگ ہونے والے آٹا پر فوری نوٹس لیکر اس غیر قانونی کاروبار پر پابندی عائد کرے تاکہ شہر میں آٹا کی مصنوعی بحران پیدا نہ ہو۔

شال — بقیہ 23

کنفیوژن، افراتفری کی بار بار نشاندہی کی، کورونا کے خلاف مشترکہ حکمت عملی کا تقاضا کیا۔ کورونا سے اموات اور مریضوں کی تعداد میں ہوشربا اضافہ جاری ہے جبکہ وزیراعظم ہر روز ایک نیا عذر تراش رہے ہیں۔ عذر تراشنے، حالت انکار میں رہنے اور قوم کی جان بچانے کے لئے صوبوں کے خلاف بولنا مسئلہ کا حل نہیں، وقت ضائع کرنے اور بے عملی کا نتیجہ شہریوں کی اموات کی صورت نکل رہا ہے، یہ وقت عذر اور بہانے تراشنے کا نہیں بلکہ قوم کی مدد کرنے کا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کو این سی او سی کے اجلاس میں بلا کر بریفنگ دی جائے، وفاق اور صوبے مل کر مشترکہ حکمت عملی اپنائیں۔ جون کے آخر اور جولائی میں کورونا کے بلند ترین سطح پر ہونے کی اطلاعات کو سنجیدہ لیا جائے۔ مشترکہ مفادات اور این سی او سی اجلاس میں ٹھوس فیصلے کئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ حالات کی سنگینی کو دیکھتے ہوئے ہنگامی منصوبہ بندی کی جائے، آکسیجن سلینڈرز، وینٹی لیٹرز اور کورونا کے علاج کی ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

شال — بقیہ 24

درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار وسیم نے کہا کہ حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قلت پر انکوائری ایکٹ کے تحت کمیشن قائم نہیں کیا۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ ضروری نہیں کہ حکومت تحقیقات کے لیے انکوائری ایکٹ کے تحت کمیشن قائم کرے، حکومت کی کچھ ذمہ داریاں ہیں اور وہ عوام کو جوابدہ ہے، فیول سپلائی میں خلل ہے تو ایگزیکٹو کو انکوائری کرانے کا اختیار ہے، آئندہ سماعت پر مطمئن کریں کہ عدالت ایگزیکٹو کے اختیارات میں کیوں مداخلت کرے؟ وکیل نے استدعا کی کہ چیئرمین کو شوکاز نوٹس جاری کیا گیا، عدالت نے حکومت کو چیئرمین کے خلاف کارروائی سے روکنے کی حکم امتناع کی استدعا عدالت نے مسترد کردی۔

شال — بقیہ 25

انہوں نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں کوئی دن ایسا نہیں گزرتا جب نہتے کشمیری نوجوانوں کو گھر گھر تلاشی اور سرچ آپریشن کی آڑ میں شہید نہ کردیا جاتا ہو، انہوں نے کہا کہ آج بھارتی ہندو انتہا پسندی پوری دنیا پر عیاں ہوچکی ہے اور یہی وجہ ہے کہ امریکی کمیشن برائے مذہبی آزادی نے بھارت پر سخت پابندیوں کے اطلاق کی سفارش کی ہے جس پر عملدرآمد کے لیے عالمی دنیا کو فوری عملی کردار ادا کرنا چاہیے، وفاقی وزیر نے کہا کہ بھارتی انتہا پسندی اور جارحیت کے باعث خطے میں شدید سیکورٹی خدشات پیدا ہورہے ہیں، انہوں نے کہا بھارت ایل او سی پر مسلسل جنگ بندی معاہدے کی خلاف ورزی کررہا ہے اور نہتے شہریوں کو نشانہ بنا رہا ہے انہوں نے کہا کہ جس طرح بھارت کو لداخ کے معاملے پر چین کے ہاتھوں ذلت اور رسوائی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اور جس طرح نیپال بھی بھارت کے ساتھ سرحدی تنازعات پر مضبوط موقف اپنا رہا ہے اس سے یہی ممکن ہے۔

شال — بقیہ 26

باتیں تھی ہیں سب ایوان میں نہیں کہی جاسکتیں، آپ کو مزید بات کرنے کا موقع نہیں دوں گا۔ میاں وحید عالم مسلسل اپنی سیٹ پر کھڑے رہے اور بات کرنے کی اجازت مانگتے رہے۔

شال — بقیہ 27

ملزم گرفتار، تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی قلات ریجن آغا محمد یوسف کی خصوصی احکامات کی اور ایس پی سوراب دوست محمد بگٹی کی ہدایات کی روشنی میں ایس ایچ او سوراب امیر حمزہ بلوچ ایڈیشنل ایس ایچ او محمد یونس لانگو اے ایس آئی محمد یونس ریکی پر مشتمل ٹیم نے دوران چیکنگ کو

حکومت عوامی مسائل کو حل کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑے گی، محمد خان لہڑی

تمام وسائل بروئے کار لاکر عوام کو بنیادی ضروریات کی تمام سہولیات ان کی دہلیز پر پہنچانے کی کوششیں جاری ہیں

موجودہ بجٹ عوامی امنگوں کے مطابق بنا کر پسماندگی کے خاتمے میں اہم کردار ادا کرے گا' صوبائی مشیر محنت وافرادی قوت

نصیر آباد ڈویژنل کمشنر اعجاز احمد جعفر سمن پروڈکشن یونٹ فار کیلل کے تعمیراتی کام کا جائزہ لے رہے ہیں

تمبو (آن لائن) صوبائی مشیر محنت وافرادی قوت حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ بلوچستان عوامی پارٹی کی حکومت عوامی مسائل کو حل کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑے گی تمام وسائل بروئے کار لاکر عوام کو بنیادی ضروریات کی تمام سہولیات ان کی دہلیز پر پہنچانے کی کوششیں جاری ہیں موجودہ بجٹ عوامی امنگوں کے مطابق بنا کر پسماندگی کے خاتمے میں اہم کردار ادا کرے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے آبائی گوٹھ حاجی تاج محمد لہڑی میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ نصیر آباد کی گرین بیلٹ کو مزید سرسبز وشاداب کرنے کے لئے عوامی امنگوں کے مطابق صوبے کے بجٹ میں ترقیاتی اسکیمات شامل کرکے منظور کرالئے گئے ہیں پٹ فیڈر کینال کی بحالی کے لئے بقیہ نمبر35 صفحہ 3 پر

راجہ پرویز اشرف کیخلاف ریفرنل پاور ریفرنس احتساب عدالت نمبر تین کو منتقل

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیر اعظم راجہ پرویز اشرف کیخلاف ریفرنل پاور ریفرنس احتساب عدالت نمبر تین کو منتقل کردیا گیا۔ احتساب عدالت نمبر دو کے جج اعظم خان نے ریفرنس احتساب عدالت کے جج اصغر علی کی عدالت بقیہ نمبر46 صفحہ 3 پر

وزیر اعظم فواد چوہدری کے بکواسات خرافات علماء ومدارس کے کردار کشی کا فوری نوٹس لیں' عبدالستار شاہ چشتی

علماء حق نے ہمیشہ یورپ ومغرب کے دلدادوں ایجنٹوں نمک خواروں کو اس ملک سے ایسا بھگایا ہے

مغرب کی پروردہ فواد چوہدری علما کو پروپیگنڈوں سے بدنام کرنے کی کوشش اور کردار کشی اسلام دشمنی کے سوا کچھ نہیں ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی نے کہا کہ وزیر اعظم عمران خان فواد چوہدری کے بکواسات خرافات علماء ومدارس کے کردار کشی کا فوری نوٹس لیں علماء حق نے ہمیشہ یورپ ومغرب کے دلدادوں ایجنٹوں نمک خواروں کو اس ملک سے ایسا بھگایا ہے جنہوں نے پیرزندگی بھر علماء ومدارس کیخلاف نہیں منہکھولا نہیں جس کا زندہ مثال فواد کے اقا پرویز مشرف الطاف حسین ہی ہے انہوں نے کہا کہ مغرب کی پروردہ فواد چوہدری بقیہ نمبر47 صفحہ 3 پر

بجٹ میں صوبے کے ملازمین کیلئے کچھ نہیں رکھا گیا' احمد نواز بلوچ

حالیہ بجٹ تاریخ کا انتہائی مایوس کن اور سو فیصد غیر عوامی ہے جو محض اعداد وشمار کی ہیر پھیر کے سوا کچھ نہیں

اپوزیشن کے اراکین کے تجویز کردہ منصوبوں کو نکال کر ہر حلقے میں خود ساختہ اسکیموں کو شامل کیا گیا ہے، رکن بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے صدر ورکن بلوچستان اسمبلی میر احمد نواز بلوچ نے نئے مالی سال کے بجٹ کو غیر متوازن اور عوامی امنگوں کے برعکس قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ بجٹ میں صوبے کی یکساں ترقی اور ملازمین کے لیے کچھ نہیں رکھا گیا اپوزیشن کے اراکین کے تجویز کردہ منصوبوں کو نکال کر ہر حلقے میں خود ساختہ اسکیموں کو شامل کیا گیا ہے حالیہ بجٹ تاریخ کا انتہائی مایوس کن اور سو فیصد غیر عوامی ہے جو محض اعداد وشمار کی ہیر پھیر بقیہ نمبر37 صفحہ 3 پر

لاہور ٹک میں پیٹرول کی قلت کے باعث ایک پٹرول پمپ پر دستیابی کے باعث شہریوں کا رش لگا ہوا ہے

چیئرمین منظور بلوچ ایک نظریاتی سیاسی رہنماء تھے' حاجی عزیز مغل

مستونگ (نامہ نگار) چیئرمین منظور بلوچ ایک نظریاتی سیاسی رہنماء تھے مرحوم بلوچستان میں نظریاتی سیاست کو فروغ دینے میں اپنی زندگی صرف کردیا تھا ہم ایک مخلص سیاسی لیڈر سے محروم ہوگئے ان خیالات کا اظہار بلوچستان نیشنل بقیہ نمبر52 صفحہ 3 پر

تپ پولیس تھانہ کی حدود میں بیوپاری لٹ گیا

پنجگور (این این آئی) تپ پولیس تھانہ کی حدود میں بیوپاری لٹ گیا تفصیلات کے مطابق ڈاکوؤں نے لاجواب کلب سری قلات ایریا میں لوگوں کو لوٹ لیا نیاز احمد بازار سے کاروبار سمیت کر واپس اپنے گھر تپ جارہے تھے کہ ڈاکوؤں بقیہ نمبر56 صفحہ 3 پر

کیسکو منیجر کا گرینڈ آپریشن جاری مختلف فیڈرز سے کاروائی کرتے ہوئے غیر قانونی کنکشن اور کنڈا اسٹم تاریں کاٹ لیا

مستونگ (نامہ نگار) کیسکو منیجر کا گرینڈ آپریشن جاری مختلف فیڈرز سے کاروائی کرتے ہوئے غیر قانونی کنکشن اور کنڈا اسٹم تاریں کاٹ لیا تفصیلات کے مطابق انجینئر آپریشن عرفان میمن کی خصوصی ہدایت پر، ایس ای خضدار سرکل نثار احمد میمن کی نگرانی میں، ایکسئین قلات حاجی عبدالقیوم بنگلزئی کی سربراہی میں، ایس ڈی او منیجر سردار بشیر احمد محمد شہی، ایل ایس، آغا مالک شاہ، فرید احمد، بشیر احمد، میر احمد، ایوب بلوچ، اسٹاف، لیویز فورس کے ہمراہ منیجر کے مختلف فیڈرز میں سرچ آپریشن بقیہ نمبر60 صفحہ 3 پر

گورنمنٹ بوائز ہائی سکول بھنڈ شریف کو سرکاری عمارت دی جائے' اعجاز علی چیچو بلوچ

مایوسی اور بے چینی کا خاتمہ ہو سکے اور بچوں کا تعلیمی نقصان بھی نہ ہونے پائے

صحبت پور (نامہ نگار) گورنمنٹ بوائز ہائی سکول بھنڈ شریف کو سرکاری عمارت دی جائے ہائی سکول کی بلڈنگ نہ ہونے کی وجہ سے سکول انتظامیہ کو درس تدریس میں شدید مشکلات کا سامنہ معصوم بچوں کو تعلیمی نقصان سے بچایا جائے ان خیالات کا اظہار چیچو بلوچ قومی اتحاد کے مرکزی رہنما اعجاز علی چیچو بلوچ نثار احمد چیچو بلوچ اور پیارا خان چیچو بلوچ نے الگ الگ بیانات میں حلقہ کے منتخب صوبائی وزیر میر سلیم خان کھوسہ سے مطالبہ کیا ہے کہ ضلع صحبت پور گنجان آباد ترین علاقے بھنڈ شریف میں قائم بوائز ہائی سکول موجودہ ترقی یافتہ دور میں بھی عمارت سے محروم جو یہاں کے طلباء کی تعلیمی حق تلفی کے مترادف ہے سکول کی عمارت کی بقیہ نمبر61 صفحہ 3 پر

پنجگور بازار مسائلستان بن چکا ہے صفائی کا فقدان ہے' عطا محمد دہانی

بجلی کا مسئلہ اس وقت سنگین ہو چکا ہے جلے ہوئے ٹرانسفارمر کی وجہ سے لوگوں کا روزگار متاثر ہے

پنجگور (این این آئی) پنجگور مرکزی دکانداران کے صدر عطا محمد دہانی سیکرٹری اطلاعات نیاز احمد نائب صدر مراد بلوش محمد یوسف نے اپنے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پنجگور بازار مسائلستان بن چکا ہے صفائی کا فقدان ہے بجلی کا مسئلہ اس وقت سنگین ہو چکا ہے جلے ہوئے ٹرانسفارمر کی وجہ سے لوگوں کا روزگار متاثر ہے اور ہم نے مجبور ہو کر اپنی مدد آپ کے تحت چندہ اکٹھا کرکے خراب ٹرانسفارمروں کی مرمت کے لیے پرائیوٹ ورکشاپ کا رخ کرلیا ہے انہوں نے کہا کہ عام طور پر یہ کام واپڈا کا ہے مگر واپڈا نے یہ کہہ کر معذرت کرلی ہے کہ اس کے پاس ورکشاپ کی سہولت نہیں ہے

کمشنر کوئٹہ ڈویژن عثمان علی خان کوئٹہ میں اسمارٹ لاک ڈاؤن کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ضلع میں لیویز فورس میں شولڈر پرموشن ختم کردیا گیا، ڈپٹی کمشنر عبداللہ کھوسہ

کوہلو (این این آئی) ڈپٹی کمشنر عبداللہ کھوسہ کے مطابق ضلع میں لیویز فورس میں شولڈر پرموشن ختم کردیا گیا ہے ایک بار پھر سے تمام لیویز اہلکاروں کو اطلاع دی جاتی ہے کہ بقیہ نمبر65 صفحہ 3 پر

لاہور ہائیکورٹ کا پلازمہ فروخت کرنے والوں کیخلاف کارروائی کا حکم

پلازمہ خریدنے والوں سے آگاہی لے کر ایسے لوگوں کو پکڑا جائے' چیف جسٹس محمد قاسم خان

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پلازمہ فروخت کرنے والوں کیخلاف کارروائی کا حکم دیتے ہوئے کہا ہے کہ پلازمہ خریدنے والوں سے آگاہی لے کر ایسے لوگوں کو پکڑا جائے۔ لاہور ہائیکورٹ میں کورونا مریضوں کا پلازمہ فروخت کیخلاف درخواست کی سماعت ہوئی۔ دوران بقیہ نمبر66 صفحہ 3 پر

حکمرانوں میں ملک چلانے کی کوئی صلاحیت نہیں ہے' جے یو آئی کوئٹہ

سوائے خوشنما نعروں سے قوم کو گمراہ کرنے کی تبدیلی اور کورنا وائرس کے نام پر ملک کو تباہ کیا جارہا ہے

ملک مذہبی وسیاسی قوتوں نے ملک کے بہتر مفاد کے لئے کردار ادا کرنا ہوگا' ملاقات میں گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام کے رہنماؤں نے کہا کہ ملک مشکل حالات سے گزر رہا ہے حکمرانوں میں ملک چلانے کی کوئی صلاحیت نہیں ہے سوائے خوشنما نعروں سے قوم کو گمراہ کرنے کی تبدیلی اور کورنا وائرس کے نام پر ملک کو تباہ کیا جارہا ہے ملک مذہبی وسیاسی قوتوں نے ملک کے بہتر مفاد کے لئے کردار ادا کرنا ہوگا ان خیالات کا اظہار جمعیت علمائے اسلام ضلع کوئٹہ نجم المدارس یونٹ کلی پشتن ریسانی کے امیر مولانا محمد طاہر توحیدی بقیہ نمبر39 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر آبپاشی نوابزادہ طارق مگسی سے پارلیمانی سیکرٹری میر سکندر عمرانی ودیگر ملاقات کررہے ہیں

وفاقی وزیر اطلاعات کا بیواؤں کے عالمی دن پر بہادر کشمیری خواتین کو خراج تحسین

جن کے شوہر حق خودارادیت کی جدوجہد پر قربان ہوگئے اور بھارتی قابض افواج کے ظلم وجبر کا شکار ہوئے، سینیٹر شبلی فراز

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات سینیٹر شبلی فراز نے بیواؤں کے عالمی دن پر بہادر کشمیری خواتین کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ جن کے شوہر حق خودارادیت کی جدوجہد پر قربان ہوگئے اور بھارتی قابض افواج کے ظلم وجبر کا شکار ہوئے۔ منگل کو ٹوئٹر پر اپنے بیان میں وفاقی وزیر سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ ان نیم بیواؤں کے عزم واستقلال کو سلام جن کے خاوند بھارتی عقوبت خانوں میں بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنے ہوئے ہیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات سینیٹر شبلی فراز نے بیواؤں کے عالمی دن پر بہادر کشمیری خواتین کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ جن کے بقیہ نمبر40 صفحہ 3 پر

ٹڈی دل کے حملے سے زمینداروں کو اربوں روپے کا نقصان اٹھانا پڑا' سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی

حکومت نے کوئی اقدامات نہیں کئے صرف اعلانات سے عوام زمینداروں کا دل بہلایا عملاً کچھ نہیں کیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام (نظریاتی) پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے ضلع چاغی کوئٹہ قلعہ عبداللہ خاران اوتھل بی نصیر آباد وکی سمیت 31 اضلاع میں ٹڈی دل کے حملے سے فصلیں تباہ ہوگئی ہے ٹڈی دل کے حملے سے زمینداروں کو اربوں روپے کا نقصان اٹھانا پڑا حکومت نے کوئی اقدامات نہیں کئے صرف اعلانات بقیہ نمبر41 صفحہ 3 پر

غنڈہ گردی کرنے والے ڈاکٹر کے خلاف کارروائی کریں، محمد رمضان اچکزئی

غنڈہ گردی میں ملوث ڈاکٹر کے خلاف ایف آئی آر درج کرکے کیسکو کے مزدوروں کی جان کا تحفظ کریں

کوئٹہ (این این آئی) آل پاکستان واپڈا ایڈہاک الیکٹرک ورکرز یونین (سی بی اے) کے مرکزی جوائنٹ صدور صوبائی چیئرمین محمد رمضان اچکزئی، چیف آرگنائزر رسید محمد لہڑی، سیکریٹری عبدالحی، وائس چیئرمین عبدالباقی لہڑی، جوائنٹ سیکریٹری محمد یار علیزئی، سیکرٹری فنانس ملک محمد آصف اور سیکریٹری نشر واشاعت سید آغا محمد نے گزشتہ رات فاطمہ جناح ہسپتال کے ڈسے 6 لاکھ روپے سے زیادہ کے واجب الادا بل کی ریکوری بقیہ نمبر44 صفحہ 3 پر

کے الیکٹرک نے لوڈ شیڈنگ کے دورانیہ میں مزید اضافے کا اعلان کردیا

کراچی (این این آئی) کے الیکٹرک نے لوڈ شیڈنگ کے دورانیہ میں مزید اضافے کا اعلان کردیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق کے الیکٹرک نے شہر میں لوڈ شیڈنگ کے دورانیہ میں اضافے کا اعلان کردیا ہے۔ گزشتہ رات سے غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کا سلسلہ شہر بھر میں شروع کردیا بقیہ نمبر45 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں آج امن ہے اس کا کریڈٹ پولیس لیویز اور دیگر سیکورٹی اداروں کو جاتا ہے، محمد یوسف

امن وامان قائم کرنے میں قلات پولیس کے شہدا کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، ڈی آئی جی پولیس قلات رینج

قلات (این این آئی) ڈی آئی جی قلات وخضدار رینج محمد قلات پولیس کی قربانیوں کی وجہ سے امن قائم ہوگیا ہیں قلات پولیس کی کارکردگی دوسرے علاقوں سے بہت بہتر ہیں قلات پولیس نے سب سے زیادہ اشتہاری ملزمان کو گرفتار کرکے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ پیش کیا جس بقیہ نمبر50 صفحہ 3 پر

ملک اندرونی اور بیرونی خطرات میں مبتلا ہے' چیئرمین امن ترقی پارٹی محمد فائق شاہ

ملکی اداروں کو مضبوط اور ایک پلیٹ فارم پر ہونا ہوگا صحت کا بحران ہو یا معاشی زوال اداروں کا اتحاد ہی واحد حل ہے

چاکی (این این آئی) امن ترقی پارٹی کے چیئرمین محمد فائق شاہ نے کہا ہے کہ صحت کے بحران اور معاشی زوال سے نکلنے کا واحد راستہ تمام اداروں کا ایک پلیٹ فارم پر متحد ہونا ہے، وہ پارٹی عہدیداروں کے اجلاس سے خطاب کررہے تھے، محمد فائق شاہ نے کہا کہ جب تک ادارے بقیہ نمبر51 صفحہ 3 پر

قلات ایکسین موصلات وتعمیرات محمد انور نیچاری شہر میں زیر تعمیر سڑکوں کا معائنہ کررہے ہیں

شہری مسائل کی عوامی شکایات پر فوری طور پر نوٹس لیا جاتا ہے، حافظ محمد قاسم کاکڑ

ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے شہر اور علاقے میں امن وامان کی مجموعی صورتحال تسلی بخش ہے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد حافظ محمد قاسم کاکڑ نے کہا کہ شہری مسائل کی عوامی شکایات پر فوری طور پر نوٹس لیا جاتا ہے، عوامی سہولیات کے لئے لاک ڈاؤن میں نرمی کی گئی ہے ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے شہر اور علاقے میں امن وامان کی مجموعی صورتحال تسلی بخش ہے تاہم تاجر برادری اور شہری امن وامان کو برقرار رکھنے کے لئے سول ایڈمنسٹریشن اور پولیس کے ساتھ اپنے تعاون کو جاری رکھیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی زیر صدارت شہری ایکشن کمیٹی بقیہ نمبر55 صفحہ 3 پر

چمن کے صحافیوں پر حملے کی مزمت کرتے ہیں، کوہلو پریس کلب

چمن کے صحافیوں نے ہمیشہ جان کی پروا کئے بغیر عوام کے مسائل اجاگر کئے ہیں

کوہلو (این این آئی) ڈسٹرکٹ پریس کلب کوہلو جسٹرڈ کے صدر زیب دامری سمیت دیگر عہدے داروں وممبران نے اپنے مشترکہ بیان میں چمن کے سینئر صحافیوں پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ چمن کے صحافیوں پر بے جا تشدد کیا گیا ہے اور یہ آزادی صحافت پر قدغن لگانے کی ناکام کوشش ہے چمن کے صحافیوں نے ہمیشہ جان کی پروا کئے بغیر عوام کے مسائل اجاگر کئے بقیہ نمبر59 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار صوبائی وزیر تعلیم سردار یار محمد رند کو میر چاکر اعظم رند کے مقبرے کی تصویر پیش کررہے ہیں

برگیڈیئر حسن افضال امن وآشتی کا سفیر تھا بلوچستان میں انکی خدمات ناقابل فراموش ہے

انکی وفات سے پیدا ہونے والی خلاء مدتوں تک پر نہیں ہوگا، میر اعجاز خان سنجرانی

نوکنڈی (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے سابق معاون خصوصی میر اعجاز خان سنجرانی نے ایک تعزیتی بیان میں سیکٹر کمانڈ آئی ایس آئی برگیڈیئر حسن افضال کی ناگہانی وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ برگیڈیئر حسن افضال امن وآشتی کا سفیر تھا بلوچستان میں انکی خدمات ناقابل فراموش ہے انکی وفات سے پیدا ہونے والی خلاء مدتوں تک پر نہیں ہوگا انہوں نے اللہ پاک بقیہ نمبر42 صفحہ 3 پر

کلی گل محمد میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ سے علاقہ مکین شدید مشکلات کا شکار ہیں

کوئٹہ (آن لائن) کلی گل محمد ویلفیئر سوسائٹی کے ممبران اور علاقہ معززین نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ کلی گل محمد میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ ایک دن میں 9 سے 10 گھنٹے ہے جس کی وجہ سے علاقہ مکین شدید مشکلات کا شکار بقیہ نمبر43 صفحہ 3 پر

اوستہ محمد میں اے ٹی ایف پولیس آپے سے باہر ہوگئی جعفر آباد میں ایک طرف بدامنی بڑھنے لگی

نصیر آباد (آن لائن) اوستہ محمد میں اے ٹی ایف پولیس آپے سے باہر ہوگئی جعفر آباد میں ایک طرف بدامنی بڑھنے لگی تو دوسری جانب اے ٹی ایف فورس نے اوستہ محمد میں شریف شہریوں سمیت آفیسران کو بھی ٹارگیٹ بنا کر حراساں کرنے لگی گزشتہ روز اوستہ محمد میں 17 گریڈ کے آفیسر اسسٹنٹ ڈائریکٹر انفارمیشن نصیر آباد یونیک بقیہ نمبر49 صفحہ 3 پر

ایڈیشنل کمشنر نصیر آباد اعجاز احمد جعفر کا لائیوسٹاک کے زیر تعمیر ترقیاتی منصوبوں کا دورہ

صوبائی حکومت لائیوسٹاک کے شعبے میں مزید ترقی کا خواہاں ہے' اعجاز احمد جعفر

نصیر آباد (خ ن) ایڈیشنل کمشنر نصیر آباد اعجاز احمد جعفر نے لائیوسٹاک کے زیر تعمیر ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کیا ان کے ہمراہ ڈپٹی ڈائریکٹر لائیوسٹاک ڈاکٹر علی عبداللہ ساسولی، ڈاکٹر عبدالسلام مستوئی، ایس ڈی او ایڈوکیٹ جہان علی کھوسہ، ایڈوکیٹ رعایت علی پنہور، ڈاکٹر شیر زمان چدرانی تھے بھی موجود تھے ایڈیشنل کمشنر نصیر آباد اعجاز احمد جعفر کو ایس ڈی او ایڈوکیٹ رعایت علی پنہور ڈیرہ مراد جمالی میں دو کروڑ 80 لاکھ 61 ہزار روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والے سمن پروڈکشن یونٹ فار کیلل ڈیزیز انویسٹی گیشن لیب اور 16 شیڈ کے کام سے متعلق تفصیل سے بریفنگ دی جبکہ گوٹھ تاج محمد لہڑی میں 40 لاکھ روپے کی لاگت سے سی ایچ سی بھی تعمیر کیا گیا ہے ڈپٹی ڈائریکٹر لائیوسٹاک ڈاکٹر علی عبداللہ ساسولی نے بتایا کہ ضلع نصیر آباد بلوچستان کا زرعی بقیہ نمبر48 صفحہ 3 پر

کرونا پھیلاؤ کی روک تھام کیلئے تمام سخت اقدامات کئے جائینگے' کمشنر کوئٹہ

میڈیکل اسٹورز کے علاوہ تمام دکانیں، شاپنگ مالز، ڈیپارٹمنٹل اسٹورز، ریڑھی بان، نان بائی اور ریسٹورنٹس شام 7 بجے تک کھلی رہیں گی

خلاف ورزی کرنے پر اور اس پر عمل نہ کرنے والی دکانوں کو سیل کرکے دکانداروں کو بھی گرفتار کیا جائے گا' ڈپٹی کمشنر کوئٹہ

قلات' ڈی آئی جی قلات رینج آغا محمد یوسف سنی تھانہ کے دورے کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کررہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن عثمان علی خان کی زیر صدارت کوئٹہ میں سمارٹ لاک ڈاؤن کے حوالے سے ایک اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ثاقب خان کاکڑ، سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی میران بلوچ، صدر ہوٹل اینڈ ریسٹورنٹ رحیم آغا، مرکزی انجمن تاجران رحیم کاکڑ، ڈپٹی جنرل سیکرٹری یاسین مینگل، سینئر نائب حضرت علی اچکزئی، شاہ رضا ہزارہ، حسن آغا ہزارہ بھی اجلاس میں موجود تھے اجلاس میں متفقہ طور پر فیصلہ کیا گیا کہ کرونا وائرس کے پھیلاؤ کی روک تھام کیلئے تمام سخت اقدامات کئے جائینگے احتیاطی تدابیر پر بہر صورت عمل درآمد کرایا جائیگا انہوں نے کہا کہ بقیہ نمبر36 صفحہ 3 پر

لیویز چیک پوسٹ پر کامیاب کارروائی ایس۔ ایس آر گاڑی کے خفیہ خانوں سے 78 کلو افیون کی چرس برآمد

وڈھ (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر خضدار ڈاکٹر عطیل بلوچ اسسٹنٹ کمشنر وڈھ محمد اقبال کے خصوصی احکامات کی روشنی میں شہداء لیویز چیک پر دوران چیکنگ ایس ایس آر گاڑی کے خفیہ خانوں سے 78 کلوگرام افیون کی چرس برآمد ملزم گرفتار تفصیلات کے مطابق سخت چیکنگ کے دوران شہداء لیویز بقیہ نمبر54 صفحہ 3 پر

محمد آصف خاصخیلی نے محکمہ پولیس لسبیلہ کا مورال بلند کیا ہے، تنویر شاہ

اوتھل (نامہ نگار) محمد آصف خاصخیلی نے محکمہ پولیس لسبیلہ کا مورال بلند کیا ہے، کیونکی کی جانب سے پولیس کانسٹیبل محمد آصف خاصخیلی کی بھرپور حوصلہ افزائی سے پولیس کے دیگر اہلکاروں کے بھی حوصلے بلند ہوگئے، ان خیالات بقیہ نمبر58 صفحہ 3 پر

قلات سمیت بلوچستان بھر کے سڑکوں کی تعمیر کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، حاجی محمد انور نیچاری

دس کروڑ روپے کی لاگت سے قلات شہر میں 9 اعشاریہ 8 کلومیٹر سڑکوں کو پختہ کیا جائے

قلات (این این آئی) ایکسین بی اینڈ آر قلات حاجی محمد انور نیچاری نے کہا ہے کہ قلات سمیت بلوچستان بھر کے سڑکوں کی تعمیر کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا دس کروڑ روپے کی لاگت سے قلات شہر میں 9 اعشاریہ 8 کلومیٹر سڑکوں کو پختہ کیا جائے سڑکوں کو پختہ کرنے کے بعد قلات شہر کی خوبصورتی میں اضافہ ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز قلات میں پختہ سڑکوں کی تعمیر کے بقیہ نمبر57 صفحہ 3 پر

چمن میں ضلعی انتظامیہ کے اہلکاروں کے بدترین تشدد کی پرزور مذمت کرتے ہیں' احمد محمد حسنی

خضدار (نامہ نگار) خضدار کے نوجوان صحافی احمد محمد حسنی عبدالجبار محمد حسنی الطاف حسین باجوئی علمر مینگل نے مشترکہ بیان میں بلوچستان کے علاقے چمن سے چند روز پہلے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے گرفتار کیے جانے والے بقیہ نمبر62 صفحہ 3 پر

دور جدید میں بھی بلوچستان کی اکثریت آبادی انٹرنیٹ کی سہولیات سے محروم ہیں' نعیم بلوچ

یونیورسٹیاں بند ہونے کے باوجود طلبا وطالبات سے فیس لینا ناانصافی ہے

کوئٹہ (آن لائن) بی ایس او پجار کے مرکزی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن نعیم بلوچ اوستہ محمد زون کے صدر احسان بلوچ ڈیرہ مراد جمالی زون کے صدر گہور بلوچ، رضوان بلوچ، یاسر بلوچ، سعد بلوچ، اعجاز بلوچ، فتح محمد نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ایچ ای سی کی جانب سے انٹرنیٹ اور دیگر سہولیات کے بغیر بلوچستان میں آن لائن کلاسز کا اجرا ایک غیر منصفانہ فیصلہ ہے ایچ ای سی کے تعلیم دشمن فیصلے کے خلاف بی ایس او پجار کی جانب سے بھرپور آواز بلند کی جارہی ہے ہر وقت اسی طرح طلبا وطالبات بقیہ نمبر63 صفحہ 3 پر

اے پی سی کا انعقاد کے ثمرات دن بدن ظاہر ہوتا جارہا ہے' حضرت علی کوثر

کوئٹہ (آن لائن) اقراء سکولز ایسوسی ایشن بلوچستان کے صوبائی صدر حضرت علی کوثر صوبائی جنرل سیکرٹری مولوی نعمت اللہ قاری زیب الرحمان محمد جیلانی قاری اسلم رحمت اللہ غزنوی عبدالغفار کاکڑ مولوی انور ڈاکٹر سراج احمد صلاح الدین ودیگر نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ آج اسمبلی کے سامنے ایک احتجاجی مظاہرہ ہوگا جس میں اقراء اسکولز ایسوسی ایشن بلوچستان کے علاوہ پرائیویٹ تعلیمی اداروں کے مضبوط پلیٹ فارم پرائیویٹ بقیہ نمبر64 صفحہ 3 پر

لورالائی شہر میں میونسپل کمیٹی فوری اور ہنگامی طور پر صفائی مہم کا آغاز کرے' عوامی حلقے

کورونا وائرس کے پیش نظر بھی ہمیں صفائی پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے

شہر میں جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر پڑے ہوئے ہیں جس سے راہ چلتے راہگیروں کو بدبو سے سخت مشکلات کا سامنا

لورالائی (این این آئی) لورالائی شہر میں میونسپل کمیٹی فوری اور ہنگامی طور پر صفائی مہم کا آغاز کرے کورونا وائرس کے پیش نظر بھی ہمیں صفائی پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے اس وقت شہر میں جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر پڑے ہوئے ہیں جس سے راہ چلتے راہگیروں کو بدبو سے سخت مشکلات کا سامنا ہے تفصیلات کے مطابق جبکہ بدبو اور تعفن سے لوگ پریشان ہیں جس سے متعدد امراض جنم لے رہے ہیں جبکہ پلاسٹک تھیلوں کی بھرمار سے حال ہی میں لورالائی شہر میں بنی ہوئی سیوریج کا نظام بھی بری طرح جام ہوچکا ہے۔

سلیکٹڈ ومصنوعی حکومتیں پوری طور پر تعلیمی کانفرنس بلائیں' شیرانی

تعلیمی اداروں کی ایس او پیز کے تحت کھولنے کیلئے اقدامات کریں تاکہ طلباء کے نقصانات کا ازالہ ہوسکے

صوبے میں 14 فیصد آبادی انٹرنیٹ تک رسائی رکھتی ہے جبکہ 86 فیصد لوگ انٹرنیٹ کی سہولت سے محروم ہیں' مرکزی رہنماء بی این پی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء نوابزادہ میر لشکری رئیسانی نے کہا ہے کہ پہلے دہشتگردی کی آڑ میں بلوچستان میں عوام کی زندگی مفلوج بنادی گئی اب کورونا گردی کے نام پر صوبے کے نوجوانوں کی تعلیم تباہ کرنے کی کوشش کی جارہی ہے سلیکٹڈ ومصنوعی حکومتیں پوری طور پر تعلیمی کانفرنس بلائیں اور تعلیمی اداروں کی ایس او پیز کے تحت کھولنے کیلئے اقدامات کریں تاکہ بقیہ نمبر38 صفحہ 3 پر

سماجی تنظیم کی جانب سے معذور افراد میں راشن پیکج تقسیم کیا جارہا ہے

بشیر احمد ولد عبدالنبی ٹیوب ویل آپریٹر کے اچانک انتقال پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار

کوئٹہ (پ ر) واسا کوئٹہ کے ایک تعزیتی سرکلر کے مطابق بشیر احمد ولد عبدالنبی ٹیوب ویل آپریٹر کے اچانک انتقال پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کرتے ہوئے متاثرہ خاندان سے تعزیت کی ہے۔ اور دعا کی ہے اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات کی بلندی اور سوگوار خاندان کو صبر جمیل عطاء کرے۔

50 سالہ شخص نے مبینہ ط